بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ القمر: 17

”اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنادیا ہے (اس) قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا“

تین رنگوں کی مدد سے گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے
ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

قَالَ الْمَلَاُ 9

پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN
بیت القرآن
لاہور۔ پاکستان
0092-321-8844845

جملہ حقوق بحق بیت القرآن (رجسٹرڈ) محفوظ ہیں
(A Company Registered U/S 42 of the Companies Act, 2017)

مصباح القرآن
قَالَ الْمَلَاُ 9

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر
فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاذ: انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

ریسرچ اسکالرز ٹیم

مولانا عبدالرحمٰن اطہر
فاضل علوم اسلامیہ، ایم اے عربی و اسلامیات
سابق نائب مدیر تعلیم: مرکز ابن القاسم الاسلامی، ملتان

قاری محمد اکرم محمدی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
اُستاذ: جامعہ اسلامیہ، مرکز جاوید بن اسماعیل، لاہور، پاکستان

ڈاکٹر حافظ سعید عمران
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D(ITC)UMT
لیکچرار: ICET، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

مدثر بن یوسف حجازی
فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

محمد عابد رحمت
فاضل علوم اسلامیہ، M.Phil(ITC)UMT
لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

حافظ محمد مستمر خان
فاضل علوم اسلامیہ، جامعہ اشرفیہ، لاہور
رجسٹرڈ پروف ریڈر، محکمہ اوقاف، پنجاب

ایڈیشن سوم، اشاعت اول .... جون 2023
ناشر .... بیت القرآن (رجسٹرڈ) لاہور، پاکستان
پرنٹر .... اعزاز الدین ٹی بی ایم پرنٹرز، لاہور، پاکستان

ادارہ "بیت القرآن" درحقیقت قرآن فہمی کی ایک عظیم تحریک ہے جس کا مقصد لوگوں تک اللہ کے کلام کو نہایت آسان اور عام فہم انداز میں پہنچانا ہے۔ زیر نظر ترجمہ "مصباح القرآن" تمام مسالک میں مقبولِ عام ہے جبکہ ادارہ "بیت القرآن" نصاب سازی کیلیے "پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ" میں بطور **"Book Developer"** رجسٹرڈ ہے۔ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات امپورٹڈ کاغذ پر، انتہائی اعلیٰ اور دیدہ زیب پرنٹنگ کروا کر صرف اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے، الحمدللہ۔
2001ء سے تاحال قرآن فہمی کے لیے ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کا کام جاری وساری ہے، اللہ کی توفیق سے "مصباح القرآن" کی تکمیل کے بعد اب اس مشن کو منظم انداز میں سکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور عوامی حلقوں میں پھیلانے کی اشد ضرورت ہے، لہٰذا اس عظیم مشن کو جاری رکھنے کے لیے آپ کا ہر ممکن تعاون درکار ہے، جزاکم اللہ خیراً۔

Account Title : Bait-ul-Quran, IBAN Account # PK65MUCB 0075 9525 6100 0334
MCB Bank, Upper Mall Branch, Lahore, Pakistan.

بیت القرآن
1-C سکندر علی روڈ، گلبرگ 2، لاہور
موبائل: 0092-321-8844845
آفس: 0092-322-8844700 ایکسٹینشن: 115
ویب سائیٹ: www.bait-ul-quran.org
ای میل: info@bait-ul-quran.org

برائے رابطہ: ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے، اُردو بازار، لاہور	0321-4163595
ادارہ صدائے اسلام اُردو بازار، لاہور	0335-1143822
البلاغ، مرکز G10، اسلام آباد	0300-5511552
دارالسلام، مرکز F8، اسلام آباد	051-2281513
دارالسلام، مین طارق روڈ، کراچی	0321-7796655
فضلی بک سپر مارکیٹ، اُردو بازار، کراچی	021-32212991
مکتبہ اسلامیہ، کوتوالی روڈ، فیصل آباد	0300-0997826
مکتبہ اُمّ القریٰ، جناح پارک، رحیم یار خان	0303-2696753
البلاغ، چنگی نمبر 6، بوسن روڈ، ملتان	0300-6112240

حرف اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی کا واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوح محفوظ سے جبریل علیہ السلام کے ذریعے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کیا گیا۔ یہ کتاب ہدایت ہے جو صاحب تقویٰ لوگوں کے لیے تزکیہ نفس، طمانیتِ قلب اور تطہیر دماغ کا فریضہ سر انجام دیتی ہے۔

قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تاکہ اس میں غور وفکر آسان ہو اور راہ عمل ہر ایک طالب ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ مگر آپ کے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علم الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلادیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم و تدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کررہے تھے۔ قرآنی علوم وفنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان و عمل کے گل وگلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب و سنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ و دونہ ہوسکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمہ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک موقر اور موثر ادارہ "بیت القرآن" بھی ہے۔ اس ادارے کے روح رواں محترم پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں: ایک "مفتاح القرآن" کی شکل میں جب کہ دوسرا "مصباح القرآن" کے رنگ میں موجود ہے۔ فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں میں پیش کر کے پھر انہی رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روز مرّہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور وفکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔

پروفیسر صاحب موصوف نے اپنے "مفتاح القرآن" والے منصوبے میں ان الفاظ کو بالترتیب مختلف رنگوں میں پیش کر کے ان کو سمجھنے میں آسانی کی راہ پیدا کی ہے۔ "مصباح القرآن" ترجمہ قرآن یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالب قرآن کو اس کے معانی و مفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ "مصباح القرآن" میں ترجمہ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی "مفتاح القرآن" کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا اِن لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین، تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہوگئی ہے۔

اس صفحے کے مقابل صفحہ پر روز مرّہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے، تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلا رنگ اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ رنگ میں پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعین کر دیئے ہیں تاکہ ایک اُستاد یا طالب قرآن ان کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کرلے، میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گراں بار اصطلاحات میں اُلجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادر عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ "مصباح القرآن" کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہم قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہوگی جو عامۃ المسلمین میں عمل و تقویٰ اور صلاح و فلاح کا ایک نیا زاویہ فکر پیدا کرے گی۔ اہل خیر سے توقع ہے کہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کی حسنات کو حاصل کریں گے۔ اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین۔

پروفیسر عبد الجبار شاکر (مرحوم)

سابق ڈپٹی ڈائریکٹر: الدعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

تقریظ

رسول اکرم ﷺ حکم الٰہی "يَاأَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ" کے اولین مخاطب اور مصداق تھے۔ بعدازاں فَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ نبوی تلقین کو محبان رسول ﷺ نے ہر دور میں جاری رکھا اسی نبوی روایت کو جاری وساری رکھتے ہوئے عامۃ الناس میں قرآنی فہم عام کرنے، عمل کا جذبہ اُبھارنے کے لیے ذوق وشوق اور جہدِ مسلسل الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی کا خاصہ ہے۔ "مصباح القرآن" پہلے ایک ایک پارے کی صورت میں اور اب پانچ پاروں کی شکل میں ان کی محنت، لگن اور اخلاص کا ثمر ہے۔ یقیناً ہزاروں لوگ قرآن مجید کے اس آسان طریقِ تفہیم سے قرآنی تعلیمات کو سمجھ رہے ہیں۔

قرآنِ عظیم ربِ کریم کی ایسی کتاب ہے جو سارے انسانوں کے لیے ہدایت، قیامت تک کے لیے موجود اور محفوظ۔ ہدایت کے ہر طلب گار کے لیے آسان فہم ہے جسے خالق کائنات نے کثافتوں اور ملاوٹوں سے پاک رکھا۔ جس کی تازگی اور شفافیت ساڑھے چودہ سو سال گزرنے کے بعد بھی برقرار ہے۔ ایسا کیوں نہ ہو؟ قیامت تک اس چشمۂ صافی سے پیاسوں نے سیراب ہونا ہے۔ گم کردہ راہ مسافروں نے نورِ ہدایت حاصل کر کے منزل کو پانا ہے۔

کتابِ ہدایت کے لیے حفاظت کا الٰہی بندوبست کچھ ایسا ہوا کہ نزول کے آغاز سے ہی اوراق میں محفوظ، سینوں میں محفوظ، ہر آیت اور ہر سورۃ محفوظ، اور یوں پورا قرآن محفوظ "ایک مثالی زندگی" کے شب وروز اور ماہ وسال میں آپ کی رفیقۂ حیات، یارِ غارِ رسول ﷺ کی بیٹی ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ کی گواہی "كَانَ خُلُقُهُ الْقُرْاٰنُ" کی صورت جس پر "لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ" کی خدائی مہرِ تصدیق ثبت ہو چکی۔ مزید براں لاکھوں منوّر چہروں اور معطّر قلوب سے متصف صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین پر مشتمل ایمان افروز معاشرہ "آیاتِ قرآنیہ" کے موجود اور محفوظ ہونے کا عملی گواہ ہے۔ ﴿اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ﴾ پہلے قرآنی سبق کے نزول کے ساتھ روزِ اول سے فلاحِ دارین کے لیے قرآنی تعلیمات کا فہم لازم اور عمل واجب قرار پایا۔ چنانچہ قرآنی تحفیظ وتعلیم، تفسیر وتفہیم اور تیسیر وتسہیل کا عمل ایک ناگزیر ضرورت ہے۔ اور اس سارے عمل نے ایک تحریک کی شکل اختیار کر لی، تفسیریں لکھی گئیں اور مختلف زبانوں میں قرآن کے ترجمے کیے گئے۔ برصغیر پاک وہند میں فارسی اور اردو ترجمہ کی روایت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ محدث دہلوی اور ان کے بیٹوں نے ڈالی۔ بعدہ' اللہ کے بیسیوں بندوں نے لوگوں میں قرآن فہمی کے لیے عربی دانی کا ذوق وشوق پیدا کیا تاکہ اللہ کی کتاب کو براہ راست سمجھا جاسکے۔ گلی گلی، شہر شہر، قرآن وحدیث کی مبارک محفلیں برپا ہوئیں۔ عالم اسلام میں خاص طور پر اور کرۂ ارض پر عام طور پر جگہ جگہ یہ سلسلہ نہ صرف قائم ہے بلکہ روز افزوں ہے۔

اُردو جاننے اور بولنے والے قرآن فہمی کے لاکھوں شائقین کے لیے فہمِ قرآن کی ایک "طرح" جناب پروفیسر عبدالرحمن طاہر مدنی صاحب نے ڈالی ہے۔ "مصباح القرآن" میں اردو ترجمہ کو قرآن کے عربی متون کے بالمقابل تین رنگوں میں کچھ اس طرح پیش کیا گیا ہے کہ قرآن کا فہم آسان تر ہو جاتا ہے۔ اردوخواں قاری قرآن اور عربی الفاظ سے کچھ یوں مانوس ہو تا جاتا ہے کہ عربی زبان سے اس کی "نفسیاتی وحشت" دور ہوتی جاتی ہے اور تسہیل کے رنگین اشاراتی اسلوب سے قرآن سینے میں اترنے لگتا ہے۔ موصوف کے ہاں قرآن کی تدریس وتفہیم کے لیے سفر وحضر، صبح وشام وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔ جبکہ مسجدوں، کھلے پارکوں، تفریح گاہوں اور تعلیمی اداروں میں ان سے قرآن سیکھنے والے خواتین وحضرات سب ان کے شیدائی اور انکے حضور قرآن فہمی کے لیے ہمہ تن گوش رہتے ہیں۔ عام طور پر طباعت واشاعت کوئی آسان کام نہیں ہوتا، جبکہ "مصباح القرآن" جیسا مبارک کتابی سلسلہ اپنے اندر طباعت کے لحاظ سے بہت نزاکت رکھتا ہے۔ مہارت اور احتیاط کا متقاضی بھی ہے لیکن پروفیسر صاحب کے معاونین نے فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ اس ہدف کو ممکن الحصول بنا دیا ہے۔ "مصباح القرآن" کی طباعت واشاعت، فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ "مصباح القرآن" کے اس سلسلۂ اشاعت کو آسان بنانے والے یقیناً امت کے محسن اور سعید لوگ ہیں۔ اللہ کے حضور ان کی زندگیوں اور مالوں میں برکت کے لیے بے شمار دعائیں۔ بجا طور پر ریسرچ سکالرز کی ٹیم جناب محمد اکرم محمدی، حافظ سعید عمران، مدثر بن یوسف حجازی، تمام معاونین اور طباعتی واشاعتی ادارہ "بیت القرآن" اس صدقہ جاریہ کا معتبر ذریعہ ہیں۔ یقیناً محترم الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی اس قرآنی قافلے کے سالار ہیں۔ فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا۔ اللہ تعالیٰ اُن کی کاوشوں کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور یہ سلسلہ کروڑوں اُردوخواں حضرات وخواتین کے لیے باعث ہدایت ورحمت بنتا رہے۔ اَللّٰهُمَّ زِدْ فَزِدْ۔

ڈاکٹر شبیر احمد منصوری

پروفیسر مسند سیرت (ر) شعبہ اسلامیات، پنجاب یونیورسٹی لاہور

تقریظ

زیر نظر کتاب "مصباح القرآن" جو کہ پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر مدنی سلمہ اللہ نے مرتب کی ہے، چیدہ چیدہ مقامات کا مطالعہ کیا ہے۔
موصوف نے اس میں قرآن کریم کے ترجمہ کو رنگوں کی مدد سے سہل انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے، تحت اللفظ اور بامحاورہ دونوں ترجمے کیے گئے ہیں، نیز حاشیہ پر قرآنی الفاظ کی وضاحت اور ان کے اردو میں استعمال کا طریقہ، عربی گرامر کے نکات ومسائل کو بھی خوبصورت انداز سے بیان کیا ہے۔
دعا ہے کہ اللہ جل شانہ موصوف کی اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، عوام الناس، علماء اور طلباء کے لیے اسے نافع بنائے اور موصوف کو اسی طرح قرآن کریم کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرماتا رہے۔ آمین۔

محتاج دعا

حافظ فضل الرحیم اشرفی
مہتمم جامعہ اشرفیہ، لاہور، پاکستان

تقریظ

پروفیسر عبدالرحمن طاہر صاحب حفظہ اللہ اُن فضلائے مدینہ یونیورسٹی میں سے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے "الجامعۃ الاسلامیہ" سے فراغت اور سعودی حکومت کی طرف سے مبعوث ہونے کے بعد اپنے ملک پاکستان میں دینی خدمت کی خصوصی توفیق سے نوازا۔ فاضل موصوف نے قرآن کریم کے معانی ومطالب کو زیادہ سے زیادہ عام فہم بنانے کے لیے عام ڈگر سے ہٹ کر کچھ نئے تجربے کیے جس کی تفصیل آپ "عرض مرتب" میں ملاحظہ فرمائیں۔
پڑھنے والوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ اسی طریقہ تعلیم کو کتابی شکل میں پیش کیا جائے تاکہ اس کا دائرہ استفادہ محدود نہ رہے، بلکہ وسیع سے وسیع تر ہو جائے اور ملک کے اطراف واکناف میں ہر جگہ قرآن فہمی کا سلسلہ اس کے ذریعے سے عام ہو جائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا، موصوف حفظہ اللہ نے اس کے لیے پہلے دو کتابیں مرتب کیں، "مفتاح القرآن" اور "مصباح القرآن" دونوں کو اللہ تعالیٰ نے قبولیت عامہ کے شرف سے نوازا۔
"مفتاح القرآن" میں عربی گرامر کو آسان انداز میں پیش کیا اور "مصباح القرآن" میں اس کے مطابق قرآن کریم کا لفظی ترجمہ اور دیگر وہ جدتیں شامل کیں جو قرآن کریم کے فہم کو آسان سے آسان تر کر دے جس کی بابت اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے۔
﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ القمر 17
ایک صفحے پر خانوں میں لفظی ترجمہ اور حاشیے میں مشکل الفاظ کی وضاحت، حل لغات اور صرفی تعلیل۔ اور دوسرے صفحے پر بامحاورہ ترجمہ ہے اور اس کے حاشیے میں قرآنی الفاظ کی اُردو میں استعمال کی وضاحت دی گئی ہے۔
اس طرح "مصباح القرآن" دو ترجموں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے، لفظی بھی اور بامحاورہ بھی اور دونوں صفحے الگ الگ فوائد کے حامل ہیں۔
اب پروفیسر صاحب نے اس کا نیا ایڈیشن تیار کیا ہے، اُمید ہے کہ وہ بہت پسند کیا جائے گا، ان شاء اللہ۔
پروفیسر صاحب موصوف کی یہ عظیم قرآنی خدمت جس طرح عندالناس مقبول ہوئی ہے، اُمید ہے عنداللہ بھی درجہ قبولیت سے سرفرازی جائے گی اور ان کے لیے اور ان کے تمام معاونین کے لیے بھی ذخیرہ آخرت اور ذریعہ نجات ثابت ہوگی۔ ان شاءاللہ

حافظ صلاح الدین یوسف
مشیر وفاقی شرعی عدالت پاکستان

عرض مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ مجھے "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیر اہتمام گلبرگ لاہور میں قرآن فہمی کی کلاسز لینے کا موقع ملا، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میں نے گرامر کے ساتھ ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیت تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کر دیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں: اکثر الفاظ ہم روز مرّہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہو کر خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے اور خالص عربی زبان کے الفاظ ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ہر قسم کے قرآنی الفاظ کی شناخت کراتا، الحمدللہ اس طریقہ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم کے مشورے سے قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے ادارہ "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے شائع کی، اس کے بعد "مصباح القرآن" کے نام سے ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا شروع کیا جس میں ان علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

"مصباح القرآن" کا یہ عظیم الشان پروجیکٹ 14 سال کی محنت شاقہ کے نتیجے میں 31 دسمبر 2014 کو پایۂ تکمیل تک پہنچا جو کہ الگ الگ پاروں کی شکل میں شائع ہو چکا ہے۔ الحمدللہ۔

"مصباح القرآن" کی پروف ریڈنگ کے کئی مراحل طے کیے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے۔

آئندہ صفحہ پر "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتا دیا گیا ہے، اگر اس طریقہ کو پیش نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاءاللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

میرے خیال میں "مصباح القرآن" اپنے منفرد اسلوب کی وجہ سے برصغیر پاک وہند میں شائع ہونے والے تمام تراجم میں سے آسان ترین اور عام فہم ترجمہ ہے، اللہ تعالیٰ اسے اُمتِ اسلامیہ کے لیے نافع اور مقبول عام فرمائے۔ آمین۔

میں تمام معاونین کا شکر گزار ہوں اور خاص طور پر "بیت القرآن ریسرچ ٹیم" کا کہ جن کی ہر مرحلے میں میرے ساتھ معاونت رہی ہے اور یہ عظیم کام پایۂ تکمیل تک پہنچا۔ آخر میں میری استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے لیے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ، بیت القرآن ریسرچ ٹیم اور اس کار خیر میں معاونت کرنے والے تمام افراد کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے، آمین۔

عبد الرحمٰن طاہر

فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، قائد اعظم کیمپس لاہور، پاکستان

”مصباح القرآن“ سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر ”مصباح القرآن“ میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. دائیں طرف پہلے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات ”مفتاح القرآن“ (لانگ کورس) اور ”معلم القرآن“ (شارٹ کورس) میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر ”مصباح القرآن“ کے مطالعہ سے قبل ”مفتاح القرآن“ اور ”معلم القرآن“ کی ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

2. بائیں طرف دوسرے صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم اُن الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اُردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ اِن الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور اِن کے اُردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو اُردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اُن کے بارے میں بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور اِنہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور بالکل نئے ہیں اُنہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور ان کو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

اس صفحہ کا ترجمہ بامحاورہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں، البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں اُنہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر سیاہ الفاظ کے اُردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے، نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہو کر خود بخود ہی یاد ہو جاتے ہیں اور صرف سرخ الفاظ یاد کر لیے جائیں تو یقیناً قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (Vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

قَالَ	الْمَلَاُ [1]	الَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	مِنْ قَوْمِهٖ
کہا	اُن سرداروں (نے)	جن	سب نے تکبر کیا	اس کی قوم میں سے

لَنُخْرِجَنَّكَ [2]	يٰشُعَيْبُ	وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
ضرور بالضرور ہم نکال دیں گے تجھے	اے شعیب!	اور	(اُن لوگوں کو) جو	سب ایمان لائے

مَعَكَ	مِنْ قَرْيَتِنَآ [3]	اَوْ	لَتَعُوْدُنَّ [2]	فِيْ مِلَّتِنَا ؕ [3]
تیرے ساتھ	اپنی بستی میں سے	یا	ضرور بالضرور تم واپس آؤ گے	ہمارے دین میں

قَالَ	اَوَ [4]	لَوْ	كُنَّا [5]	كٰرِهِيْنَ [6] (88) قف	قَدِ [7]
اُس نے کہا	اور کیا	اگرچہ	ہم ہوں	سب ناپسند کرنے والے	یقیناً

افْتَرَيْنَا [8]	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اِنْ	عُدْنَا [8]	فِيْ مِلَّتِكُمْ
ہم نے باندھا	اللہ پر	جھوٹ	اگر	ہم لوٹ آئیں	تمہارے دین میں

بَعْدَ	اِذْ	نَجّٰىنَا اللّٰهُ [1]	مِنْهَا ؕ	وَمَا
(اس کے) بعد (کہ)	جب	ہمیں اللہ نے نجات دے دی	اس سے	اور نہیں

يَكُوْنُ [9]	لَنَآ [10]	اَنْ	نَّعُوْدَ	فِيْهَآ	اِلَّآ
ہے (مناسب)	ہمارے لیے	کہ	ہم لوٹ آئیں	اس میں	مگر

اَنْ	يَّشَآءَ اللّٰهُ [9][1]	رَبُّنَا ؕ	وَسِعَ	رَبُّنَا
یہ کہ	(جو) اللہ چاہے	(جو) ہمارا رب (ہے)	احاطہ کر رکھا ہے	ہمارے رب (نے)

كُلَّ شَيْءٍ	عِلْمًا ؕ	عَلَى اللّٰهِ	تَوَكَّلْنَا ؕ [11][8]	رَبَّنَا
ہر چیز (کا)	(اپنے) علم (سے)	اللہ پر	ہم نے بھروسا کیا	(اے) ہمارے رب!

افْتَحْ [12]	بَيْنَنَا	وَ	بَيْنَ قَوْمِنَا	بِالْحَقِّ	وَاَنْتَ
تو فیصلہ فرما	ہمارے درمیان	اور	ہماری قوم کے درمیان	حق کے ساتھ	اور تو

خَيْرُ	الْفٰتِحِيْنَ [6] (89)	وَقَالَ	الْمَلَاُ [1]	الَّذِيْنَ
بہتر (ہے)	تمام فیصلہ کرنے والوں (سے)	اور کہا	سرداروں (نے)	جن

كَفَرُوْا	مِنْ قَوْمِهٖ	لَئِنِ [13]	اتَّبَعْتُمْ	شُعَيْبًا
سب نے کفر کیا	اس کی قوم میں سے	یقیناً اگر	تم نے پیروی کی	شعیب (کی)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[2] فعل کے شروع علامت لَ اور آخر میں علامت نّ میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے، اس لیے ترجمہ ضرور بالضرور کیا گیا ہے۔

[3] نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[4] علامت أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[5] کُنَّا دراصل کَوَنْنَا تھا گرامر کے اصول کے مطابق وَ کو گرا کر كَ کو پیش دی گئی ہے۔

[6] فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

[7] علامت قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔

[8] نَا فعل کے آخر میں اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[9] یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[10] لَنَا کے شروع میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔

[11] اس فعل میں علامت تَ اور شدّ میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[12] فعل کے شروع میں أ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

[13] لَئِنْ دراصل لَ + اِنْ کا مجموعہ ہے۔

قَالَ الْمَلَاُ	اُن سرداروں نے کہا
الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ	اُس کی قوم میں سے جنھوں نے تکبر کیا
لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ	اے شعیب! ہم ضرور بالضرور تجھے نکال دیں گے
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ	اور اُن (لوگوں) کو (بھی) جو تیرے ساتھ ایمان لائے
مِنْ قَرْيَتِنَآ	اپنی بستی میں سے
اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ	یا ضرور بالضرور تم ہمارے دین میں لوٹ آؤ گے
قَالَ اَوَلَوْ كُنَّا كٰرِهِيْنَ ۚ (88)	اُس نے کہا اور کیا اگرچہ ہم ناپسند کرنیوالے ہوں۔ (88)
قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا	یقیناً ہم نے اللہ پر جھوٹ باندھا
اِنْ عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ	اگر ہم تمہارے دین میں لوٹ آئیں اسکے بعد (کہ)
اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ	جب اللہ نے ہمیں اُس سے نجات دے دی
وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ	اور ہمارے لیے مناسب نہیں ہے کہ ہم لوٹ آئیں
فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ	اس میں مگر یہ کہ اللہ چاہے جو ہمارا رب ہے
وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ	ہمارے رب نے ہر چیز کا علم سے احاطہ کر رکھا ہے
عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ	ہم نے اللہ ہی پر بھروسا کیا
رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا	اے ہمارے رب! تو فیصلہ فرما ہمارے درمیان
وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ	اور ہماری قوم کے درمیان حق کے ساتھ
وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ (89)	اور تو تمام فیصلہ کرنے والوں سے بہتر ہے۔ (89)
وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اور کہا اُن سرداروں نے جنھوں نے کفر کیا
مِنْ قَوْمِهٖ	اس کی قوم میں سے
لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا	یقیناً اگر تم نے شعیب کی پیروی کی

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

قَالَ : قول، اقوال، اقوال زریں۔
اسْتَكْبَرُوْا : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
مِنْ : منجانب، من حیث القوم۔
لَنُخْرِجَنَّكَ : خارج، خروج، اخراج۔
وَ : شان وشوکت، لیل ونہار۔
اٰمَنُوْا : امن، ایمان، مؤمن۔
مَعَكَ : مع اہل وعیال، معیّت۔
قَرْيَتِنَآ : قریہ قریہ بستی بستی۔
لَتَعُوْدُنَّ : اعادہ، عود کر آنا۔
فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الوقت۔
مِلَّتِنَا : ملت ابراہیم، ملت اسلامیہ۔
كٰرِهِيْنَ : کراہت، مکروہ، مکروہات۔
افْتَرَيْنَا : افترا پردازی، مفتری۔
عَلٰى : علیحدہ، علی العموم، علی الاعلان۔
كَذِبًا : کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
بَعْدَ : بعد از طعام، بعد از کلام۔
نَجّٰىنَا : نجات، فرقہ ناجیہ۔
اِلَّآ : الا ماشاء اللہ، الا قلیل۔
يَّشَآءَ : ماشاء اللہ، ان شاء اللہ۔
وَسِعَ : وسعت، توسیع۔
كُلَّ : کل نمبر، کل کائنات۔
شَيْءٍ : شے، اشیائے خورد ونوش۔
عِلْمًا : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
تَوَكَّلْنَا : توکّل، متوکل علی اللہ۔
افْتَحْ : افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔
بَيْنَنَا : بین بین، بین الاقوامی۔
قَوْمِنَا : قوم، اقوام، قومیت۔
خَيْرُ : خیر، خیریت، خیر خواہی۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
اتَّبَعْتُمْ : اتباع، تابع، متبع سنت۔

اِنَّكُمْ	اِذًا [1]	لَّخٰسِرُوْنَ (90)	فَاَخَذَتْهُمُ [3][2]	الرَّجْفَةُ [2]
بیشک تم	اس وقت	یقیناً سب نقصان اُٹھانے والے (ہوگے)	تو پکڑ لیا اُن کو	زلزلے (نے)

فَاَصْبَحُوْا [3]	فِيْ دَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ (91)	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا
پھر وہ سب ہوگئے (صبح کو)	اپنے گھر میں	سب اوندھے پڑے ہوئے	جن	سب نے جھٹلایا

ربع 4

شُعَيْبًا	كَاَنْ	لَّمْ يَغْنَوْا	فِيْهَا	اَلَّذِيْنَ
شعیب (کو)	(وہ ایسے ہوگئے) گویا کہ	وہ سب بسے ہی نہ تھے	اس میں	جن

كَذَّبُوْا	شُعَيْبًا	كَانُوْا	هُمُ الْخٰسِرِيْنَ [5] (92)	فَتَوَلّٰى [3]
سب نے جھٹلایا	شعیب (کو)	وہ سب تھے	ہی سب خسارہ پانے والے	پھر منہ پھیر لیا

عَنْهُمْ	وَ	قَالَ	يٰقَوْمِ [6]	لَقَدْ [7]	اَبْلَغْتُكُمْ
اُن سے (شعیب نے)	اور	کہا	اے (میری) قوم!	بلا شبہ یقیناً	میں نے پہنچا دیے تمہیں

رِسٰلٰتِ [2]	رَبِّيْ	وَنَصَحْتُ	لَكُمْ [8]	فَكَيْفَ [3]
پیغامات	اپنے رب (کے)	اور میں نے خیر خواہی کی	تمہارے لیے	تو کیسے

ع 11 9 1

اٰسٰى	عَلٰى قَوْمٍ	كٰفِرِيْنَ (93)	وَمَآ [9]	اَرْسَلْنَا [10]
میں غم کروں	(ایسی) قوم پر	(جو) سب کافر (ہیں)	اور نہیں	ہم نے بھیجا

فِيْ قَرْيَةٍ [11][2]	مِّنْ نَّبِيٍّ [12][11]	اِلَّآ	اَخَذْنَآ [10]	اَهْلَهَا
کسی بستی میں	کوئی نبی	مگر (یہ کہ)	ہم نے پکڑا	اُسکے رہنے والوں (کو)

بِالْبَاْسَآءِ [13]	وَالضَّرَّآءِ [13]	لَعَلَّهُمْ	يَضَّرَّعُوْنَ (94)	ثُمَّ
تنگی کے ساتھ	اور تکلیف (کے ساتھ)	تاکہ وہ	وہ سب گڑگڑائیں	پھر

بَدَّلْنَا [10]	مَكَانَ السَّيِّئَةِ [2]	الْحَسَنَةَ [2]	حَتّٰى	عَفَوْا
ہم نے بدل دی	بدحالی کی جگہ	خوشحالی	یہاں تک کہ	وہ سب بڑھ گئے

وَّ	قَالُوْا	قَدْ	مَسَّ	اٰبَآءَنَا [10]
اور	ان سب نے کہا	یقیناً	پہنچی	ہمارے آباؤ اجداد (کو)

الضَّرَّآءُ [2]	وَالسَّرَّآءُ [2]	فَاَخَذْنٰهُمْ [10][3]	بَغْتَةً [2]
تکلیف	اور خوشی	تو ہم نے پکڑ لیا اُنہیں	اچانک

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] اِذًا کا ترجمہ تب یا اس وقت اور اِذَا کا ترجمہ جب ہوتا ہے۔

[2] تُ، ۃ، ات اور آء فعل کے آخر میں مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[3] لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ عموماً پس، تو، پھر اور کبھی سو بھی کیا جاتا ہے۔

[4] لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

[5] هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔

[6] يٰقَوْمِ اصل میں يٰقَوْمِيْ تھا آخر سے ی تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔

[7] لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

[8] لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔

[9] مَا کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

[10] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے اور نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، ہماری، ہمارے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[11] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کسی یا کوئی کیا گیا ہے۔

[12] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[13] اَلْبَاْسَآءِ سے مراد محتاجی یعنی قحط سالی وغیرہ اور الضَّرَّآءِ سے مراد بیماری یعنی طاعون وغیرہ میں مبتلا کیا تاکہ وہ اللہ کی طرف رجوع کریں۔

اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿90﴾	بیشک تم اس وقت یقیناً نقصان اُٹھانیوالے ہوگے ﴿90﴾
فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا	تو اُن کو زلزلے نے پکڑ لیا پھر ہو گئے (صبح کو)
فِیْ دَارِهِمْ جٰثِمِیْنَ ﴿91﴾	اپنے گھر میں اوندھے پڑے ہوئے۔ ﴿91﴾
الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا شُعَیْبًا	جنہوں نے شعیب کو جھٹلایا
كَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا فِیْهَا	(وہ ایسے ہوگئے) گویا کہ وہ اس میں بسے ہی نہ تھے
اَلَّذِیْنَ كَذَّبُوْا شُعَیْبًا	جنہوں نے شعیب کو جھٹلایا
كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِیْنَ ﴿92﴾	وہی خسارہ پانے والے تھے۔ ﴿92﴾
فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ	پھر اُن سے (شعیب نے) منہ پھیر لیا اور کہا
یٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ	اے میری قوم بلاشبہ یقیناً میں نے (تو) تمہیں پہنچا دیے
رِسٰلٰتِ رَبِّیْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ	اپنے رب کے پیغامات اور میں نے تمہاری خیرخواہی کی
فَكَیْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِیْنَ ﴿93﴾	تو میں کافر قوم پر کیسے غم کروں۔ ﴿93﴾
وَمَاۤ اَرْسَلْنَا فِیْ قَرْیَةٍ مِّنْ نَّبِیٍّ	اور ہم نے کسی بستی میں کوئی نبی نہیں بھیجا
اِلَّاۤ اَخَذْنَاۤ اَهْلَهَا	مگر (یہ کہ) ہم نے اُس کے رہنے والوں کو پکڑا
بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ	تنگی اور تکلیف کے ساتھ
لَعَلَّهُمْ یَضَّرَّعُوْنَ ﴿94﴾	تاکہ وہ گڑگڑائیں۔ ﴿94﴾
ثُمَّ بَدَّلْنَا	پھر ہم نے بدل دی
مَكَانَ السَّیِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى	بدحالی کی جگہ خوشحالی یہاں تک کہ
عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ	وہ (مال اور اولاد میں) بڑھ گئے، اور انہوں نے کہا یقیناً
مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ	ہمارے آباؤاجداد کو (بھی) تکلیف اور خوشی پہنچی تھی
فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً	تو ہم نے اُنہیں اچانک پکڑ لیا

4 ع 11 9 1

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- لَّخٰسِرُوْنَ: خسارہ، خائب وخاسر۔
- فَاَخَذَتْهُمُ: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
- فِیْ: فی الحال، فی الفور، فی الوقت۔
- دَارِهِمْ: دارِ ارقم، دارِ فانی، دیارِ غیر۔
- كَذَّبُوْا: کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
- وَ: شان وشوکت، لیل ونہار۔
- قَالَ: قول، اقوال، مقولہ۔
- یٰقَوْمِ: یاالٰہی، یااللہ / قوم، قومیت۔
- اَبْلَغْتُكُمْ: ذرائع ابلاغ، تبلیغ۔
- رِسٰلٰتِ: رسول، مرسل، رسالت۔
- نَصَحْتُ: وعظ ونصیحت، پندونصائح۔
- فَكَیْفَ: کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
- عَلٰى: علیحدہ، علی الاعلان۔
- كٰفِرِیْنَ: کفر، کافر، کفار۔
- قَرْیَةٍ: قریہ قریہ، ام القریٰ۔
- مِّنْ: منجانب، من حیث القوم۔
- نَّبِیٍّ: نبی، انبیاء، نبوت۔
- اِلَّاۤ: الاماشاءاللہ، الاقلیل۔
- اَخَذْنَاۤ: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
- اَهْلَهَا: اہل وعیال، اہل خانہ۔
- الضَّرَّآءِ: مضرِ صحت، ضرر رساں۔
- بَدَّلْنَا: نعم البدل، متبادل، تبدیلی۔
- مَكَانَ: کون ومکان، مکین۔
- السَّیِّئَةِ: علمائے سوء، اعمالِ سیئہ۔
- الْحَسَنَةَ: احسن، اخلاقِ حسنہ۔
- حَتّٰى: حتی کہ، حتی الامکان۔
- مَسَّ: مس، مساس۔
- اٰبَآءَنَا: آباؤاجداد، آبائی علاقہ۔
- الضَّرَّآءُ: مضرِ صحت، ضرر رساں۔
- السَّرَّآءُ: سرور، مسرور۔

وَّ [1]	هُمۡ	لَا يَشۡعُرُوۡنَ [2] (95)	وَلَوۡ	اَنَّ	اَهۡلَ الۡقُرٰٓى
اس حال میں کہ	وہ سب	نہیں وہ سب شعور رکھتے (تھے)	اور اگر	واقعی	بستیوں والے

اٰمَنُوۡا	وَ	اتَّقَوۡا	لَفَتَحۡنَا [3]	عَلَيۡهِمۡ
سب ایمان لے آتے	اور	سب تقویٰ اختیار کرتے	(تو) ضرور ہم کھول دیتے	اُن پر

بَرَكٰتٍ [4]	مِّنَ السَّمَآءِ	وَالۡاَرۡضِ	وَلٰـكِنۡ	كَذَّبُوۡا
برکتیں	آسمان سے	اور زمین (سے)	اور لیکن	ان سب نے جھٹلایا

فَاَخَذۡنٰهُمۡ [5] [6]	بِمَا [7]	كَانُوۡا	يَكۡسِبُوۡنَ (96)	اَفَاَمِنَ [8]
تو ہم نے پکڑ لیا اُنہیں	(اس) وجہ سے جو	وہ سب تھے	وہ سب کمایا کرتے	تو کیا نڈر ہو گئے ہیں

اَهۡلُ الۡقُرٰٓى	اَنۡ	يَّاۡتِيَهُمۡ [9]	بَاۡسُنَا
بستیوں والے	(اس سے) کہ	آجائے اُن کے پاس	ہمارا عذاب

بَيَاتًا	وَّ [1]	هُمۡ	نَآئِمُوۡنَ ؕ (97)	اَوَ [8]	اَمِنَ
رات (کو)	اس حال میں کہ	وہ سب	سب سوئے ہوئے ہوں	اور کیا	نڈر ہو گئے ہیں

اَهۡلُ الۡقُرٰٓى	اَنۡ	يَّاۡتِيَهُمۡ [9]	بَاۡسُنَا	ضُحًى
بستیوں والے	(اس سے) کہ	آجائے اُن کے پاس	ہمارا عذاب	دن چڑھے

وَّ [1]	هُمۡ	يَلۡعَبُوۡنَ (98)	اَفَاَمِنُوۡا [8]	مَكۡرَ اللّٰهِ ۚ
اس حال میں کہ	وہ سب	وہ سب کھیل رہے ہوں	پھر کیا وہ سب نڈر ہو گئے ہیں	اللہ کی تدبیر (سے)

فَلَا يَاۡمَنُ [11]	مَكۡرَ اللّٰهِ	اِلَّا	الۡقَوۡمُ [10]	الۡخٰسِرُوۡنَ ع (99)
تو نہیں نڈر ہوتے	اللہ کی تدبیر (سے)	مگر	(وہ) لوگ	(جو) سب خسارہ پانے والے (ہیں)

ع 12 6 2

اَوَ [8]	لَمۡ يَهۡدِ [12] [9]	لِلَّذِيۡنَ	يَرِثُوۡنَ	الۡاَرۡضَ
اور کیا	نہیں رہنمائی کی	(اُن لوگوں) کی جو	وہ سب وارث بنتے ہیں	زمین (کے)

مِنۡۢ بَعۡدِ [13]	اَهۡلِهَآ	اَنۡ	لَّوۡ	نَشَآءُ
(ہلاکت کے) بعد	اُسکے رہنے والوں (کی)	(اس بات نے) کہ	اگر	ہم چاہیں

اَصَبۡنٰهُمۡ [5] [6]	بِذُنُوۡبِهِمۡ ۚ [6] [7]	وَنَطۡبَعُ	عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ [14] [6]
(تو) ہم سزا دیں اُنہیں	اُن کے گناہوں کے سبب	اور ہم مہر لگا دیں	اُن کے دلوں پر

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے کبھی حالانکہ یا جبکہ کبھی قسم ہے بھی ترجمہ کیا جاتا ہے۔

[2] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

[3] فعل کے شروع میں علامت لَ تاکید کی علامت ہے جس کا ترجمہ ضرور یا یقیناً کیا جاتا ہے۔

[4] ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[5] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[6] هُمۡ یا هِمۡ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں یا اُن کو اور اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔

[7] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[8] جب بھی اَ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[9] یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[10] قَوۡمٌ میں چونکہ بہت سے افراد شامل ہوتے ہیں اس لیے اس کا ترجمہ لوگوں کیا گیا ہے۔

[11] لَا کے بعد فعل کے آخر میں پیش ہو تو اس میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔

[12] لَمۡ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

[13] اگر لفظ بَعۡدِ سے پہلے مِنۡ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

[14] یعنی گناہوں کے نتیجے میں صرف عذاب ہی نہیں آتے بلکہ دلوں پر قفل بھی لگ جاتے ہیں تو بڑے بڑے عذاب بھی انہیں غفلت سے نہیں جگاتے۔

وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿95﴾	اس حال میں کہ وہ شعور نہیں رکھتے تھے۔ ﴿95﴾
وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا	اور اگر واقعی بستیوں والے ایمان لے آتے
وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ	اور تقویٰ اختیار کرتے (تو) ضرور ہم کھول دیتے اُن پر
بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ	آسمان سے اور زمین سے برکتیں
وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ	اور لیکن اُنہوں نے جھٹلایا تو ہم نے اُنہیں پکڑ لیا
بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿96﴾	اس وجہ سے جو وہ کمایا کرتے تھے۔ ﴿96﴾
اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى	تو کیا بستیوں والے (اس سے) نڈر ہو گئے ہیں
اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا	کہ اُن کے پاس ہمارا عذاب رات کو آ جائے
وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿97﴾ ط	اس حال میں کہ وہ سوئے ہوئے ہوں۔ ﴿97﴾ ط
اَوَ اَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى	اور کیا بستیوں والے (اس سے) نڈر ہو گئے ہیں
اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى	کہ اُن کے پاس ہمارا عذاب دن چڑھے آ جائے
وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿98﴾	اس حال میں کہ وہ کھیل رہے ہوں۔ ﴿98﴾
اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ج	پھر کیا وہ اللہ کی تدبیر سے نڈر ہو گئے ہیں
فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ	تو اللہ کی تدبیر سے نڈر نہیں ہوتے
اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿99﴾ ع 12/6/2	مگر خسارہ پانے والے لوگ ہی۔ ﴿99﴾ ع
اَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ	اور کیا (ان واقعات نے) اُن (لوگوں) رہنمائی نہیں کی جو
يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ	زمین کے وارث بنتے ہیں
مِنْۢ بَعْدِ اَهْلِهَآ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ	اُسکے رہنے والوں (کی ہلاکت) کے بعد کہ اگر ہم چاہیں
اَصَبْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ ج	(تو) ہم اُنہیں اُن کے گناہوں کی سزا دیں
وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	اور ہم اُن کے دلوں پر مہر لگا دیں

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

لَا	لاتعداد، لاجواب، لاعلم۔
يَشْعُرُوْنَ	عقل وشعور، لاشعور۔
وَ	شان وشوکت، رحم وکرم۔
اَهْلَ	اہل وعیال، اہل بیت۔
الْقُرٰٓى	قریہ قریہ، ام القریٰ۔
اٰمَنُوْا	امن، ایمان، مؤمن۔
اتَّقَوْا	تقویٰ، متقی۔
لَفَتَحْنَا	افتتاح، فتح، فاتح، مفتوح۔
عَلَيْهِمْ	علیحدہ، علی الاعلان۔
بَرَكٰتٍ	برکت، برکات، تبرک۔
مِّنَ	منجانب، من وعن۔
السَّمَآءِ	ارض وسما، کتب سماویہ۔
الْاَرْضِ	ارض وسما، قطعہ اراضی۔
فَاَخَذْنٰهُمْ	اخذ، ماخوذ، مواخذہ کرنا۔
كَذَّبُوْا	کذب بیانی، کذاب۔
بِمَا	ماحول، ماتحت، ماجرا۔
يَكْسِبُوْنَ	کسب حلال، وہبی وکسبی۔
ضُحًى	شمس الضحیٰ، صلوٰۃ الضحیٰ۔
يَلْعَبُوْنَ	لہوولعب۔
مَكْرَ	مکروفریب، مکار۔
اِلَّا	الاماشاءاللہ، الا قلیل۔
الْقَوْمُ	قوم، قومیت، اقوام۔
الْخٰسِرُوْنَ	خسارہ، خائب وخاسر۔
يَهْدِ	ہدایت، ہادیٔ برحق۔
يَرِثُوْنَ	وارث، وراثت، ورثاء۔
بَعْدِ	بعد از طعام، بعد از کلام۔
اَهْلِهَآ	اہل علاقہ، اہل خانہ۔
نَشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ۔
نَطْبَعُ	طبع، طباعت، مطبوعات۔
قُلُوْبِهِمْ	قلبی تعلق، امراض قلب۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ [1][2] (100)	تِلْكَ [3]	الْقُرٰى	نَقُصُّ
تو نہ وہ سب (کچھ) سنتے ہوں	یہ	بستیاں (ہیں)	ہم بیان کرتے ہیں

عَلَيْكَ	مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ [4]	وَ	لَقَدْ	جَآءَتْهُمْ
آپ پر	ان کی خبریں	اور	بلاشبہ یقیناً	آئے ان کے پاس

رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ ۚ	فَمَا [1][5]	كَانُوْا [6]
اُن کے رسول	واضح دلائل کے ساتھ	پس نہ	ہوتے وہ سب

لِيُؤْمِنُوْا	بِمَا [5][7]	كَذَّبُوْا	مِنْ قَبْلُ ؕ
کہ وہ سب ایمان لاتے	(اس) پر جسے	وہ سب جھٹلا چکے (تھے)	(اس) سے پہلے

كَذٰلِكَ	يَطْبَعُ اللّٰهُ [8]	عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ (101)	وَ	مَا [5]
اسی طرح	مہر لگا دیتا ہے اللہ	سب کافروں کے دلوں پر	اور	نہیں

وَجَدْنَا [9]	لِاَكْثَرِهِمْ	مِّنْ عَهْدٍ ۚ [4][10]	وَ	اِنْ [11]
ہم نے پایا	ان کے اکثر کے لیے	کوئی عہد (پورا کرنا)	اور	بیشک

وَّجَدْنَآ [9]	اَكْثَرَهُمْ	لَفٰسِقِيْنَ (102)	ثُمَّ
ہم نے پایا	ان میں سے اکثر (کو)	یقیناً سب فاسق (ہیں)	پھر

بَعَثْنَا [9]	مِنْۢ بَعْدِهِمْ [4]	مُّوْسٰى	بِاٰيٰتِنَآ [7]
ہم نے بھیجا	ان کے بعد	موسیٰ (کو)	اپنی آیات کے ساتھ

اِلٰى فِرْعَوْنَ	وَ	مَلَا۟ئِهٖ	فَظَلَمُوْا [1]
فرعون کی طرف	اور	اسکے سرداروں (کی طرف)	تو ان سب نے ظلم کیا

بِهَا ۚ [7]	فَانْظُرْ [1]	كَيْفَ	كَانَ [6]
اُن کے ساتھ	پھر آپ دیکھیں	کیسے	ہوا

عَاقِبَةُ	الْمُفْسِدِيْنَ [12] (103)	وَ	قَالَ	مُوْسٰى
انجام	سب فساد کرنے والوں (کا)	اور	کہا	موسیٰ (نے)

يٰفِرْعَوْنُ	اِنِّيْ	رَسُوْلٌ	مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ (104) لا
اے فرعون!	بیشک میں	رسول (ہوں)	تمام جہانوں کے رب (کی طرف) سے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ عموماً پس، تو، پھر اور کبھی سو یا چنانچہ بھی کیا جاتا ہے۔

[2] هُمْ اور یہ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔

[3] تِلْكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے قرآن مجید میں ذٰلِكَ، تِلْكَ، اُولٰٓئِكَ کا استعمال بہت زیادہ ہوا ہے یہ تینوں عموماً بات میں زور ڈالنے کے لیے استعمال ہوتی ہیں اور ان تینوں کا ترجمہ وہ ہوتا ہے لیکن ضرورتاً یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔

[4] یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[5] مَا کا ترجمہ عموماً جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

[6] كَانَ کا ترجمہ عموماً تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔

[7] بِ کا عموماً ترجمہ سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[8] یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں اور فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس کا فاعل ہوتا ہے۔

[9] نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم یا ہم نے کیا جاتا ہے۔

[10] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[11] اِنْ دراصل اِنَّ تھا تخفیف کے لیے یہ اِنْ استعمال ہوا ہے۔

[12] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿100﴾	تو وہ (کچھ) نہ سنیں۔ ﴿100﴾
تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ	یہ بستیاں ہیں ہم آپ پر بیان کرتے ہیں
مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ	ان کی کچھ خبریں، اور بلاشبہ یقیناً ان کے پاس آئے
رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ	اُن کے رسول واضح دلائل کے ساتھ
فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا	تو وہ (ایسے) نہ ہوئے کہ وہ ایمان لاتے
بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ۭ	اُس پر جسے وہ اس سے پہلے جھٹلا چکے تھے
كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ	اسی طرح اللہ مُہر لگا دیتا ہے
عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿101﴾	کافروں کے دلوں پر۔ ﴿101﴾
وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ	اور ہم نے ان کے اکثر کے لیے نہیں پایا
مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ	کوئی عہد (کا نباہ) اور بے شک
وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿102﴾	ہم نے ان میں سے اکثر کو یقیناً فاسق ہی پایا۔ ﴿102﴾
ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى	پھر ہم نے ان کے بعد موسیٰ کو بھیجا
بِاٰيٰتِنَآ	اپنی آیات کے ساتھ
اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ	فرعون اور اسکے سرداروں کی طرف
فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ	تو اُنہوں نے اُن کے ساتھ ظلم کیا
فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ	پھر دیکھیے کیسا ہوا
عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿103﴾	فساد کرنے والوں کا انجام۔ ﴿103﴾
وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ	اور موسیٰ نے کہا اے فرعون!
اِنِّىْ رَسُوْلٌ	بے شک میں رسول ہوں
مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿104﴾ لا	تمام جہانوں کے رب کی طرف سے۔ ﴿104﴾ لا

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

لَا	:لاعلاج، لاتعداد، لاعلم۔
يَسْمَعُوْنَ	:سمع وبصر، آلہ سماعت۔
الْقُرٰى	:قریہ قریہ بستی بستی۔
نَقُصُّ	:قصہ، قصہ گوئی۔
عَلَيْكَ	:علیحدہ، علی العموم۔
مِنْ	:من حیث القوم، منجانب۔
اَنْۢبَآئِهَا	:نبی، نبوت، انبیاء۔
رُسُلُهُمْ	:رسول، رسالت، مرسل۔
بِالْبَيِّنٰتِ	:بیان، مبیّنہ طور پر۔
لِيُؤْمِنُوْا	:امن، ایمان، مؤمن۔
بِمَا	:ماحول، ماتحت، ماجرا۔
كَذَّبُوْا	:کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
قَبْلُ	:قبل از کلام، قبل از طعام۔
كَذٰلِكَ	:کماحقہ، کالعدم۔
يَطْبَعُ	:طبع، طباعت، مطبوعات۔
قُلُوْبِ	:قلبی تعلق، امراض قلب۔
الْكٰفِرِيْنَ	:کفر، کافر، کفار۔
وَجَدْنَا	:وجود، موجود، ایجاد۔
لِاَكْثَرِهِمْ	:لہٰذا، الحمد للہ۔
لِاَكْثَرِهِمْ	:اکثر، کثرت، کثیر۔
عَهْدٍ	:عہد وپیمان، ایفائے عہد۔
لَفٰسِقِيْنَ	:فسق وفجور، فاسق وفاجر۔
بَعَثْنَا	:بعث بعد الموت، بعثت۔
اِلٰى	:مرسل الیہ، مکتوب الیہ۔
فَظَلَمُوْا	:ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
فَانْظُرْ	:نظر، نظارہ، منظر، تناظر۔
كَيْفَ	:کیفیت، بہر کیف، کوائف۔
عَاقِبَةُ	:عاقبت نااندیش۔
الْمُفْسِدِيْنَ	:فساد، فسادی، مفسد۔
الْعٰلَمِيْنَ	:الہ العالمین، عالم برزخ۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

حَقِيْقٌ [1]	عَلٰٓى اَنْ [2]	لَّآ اَقُوْلَ	عَلَى اللّٰهِ
(میں) قائم ہوں	(اس) پر کہ	میں نہ کہوں	اللّٰہ پر

اِلَّا	الْحَقَّ ؕ	قَدْ [3]	جِئْتُكُمْ [4]	بِبَيِّنَةٍ [4][5]
مگر	حق	یقیناً	میں لایا ہوں تمہارے پاس	واضح دلیل

مِّنْ رَّبِّكُمْ	فَاَرْسِلْ [6]	مَعِیَ	بَنِیْٓ اِسْرَآءِيْلَ ؕ (105)
تمہارے رب (کی طرف) سے	چنانچہ تو بھیج	میرے ساتھ	بنی اسرائیل (کو)

قَالَ	اِنْ [2]	كُنْتَ	جِئْتَ [4]	بِاٰيَةٍ [4][5][7]
اس (فرعون) نے کہا	اگر	ہے تو	تو لایا	کوئی نشانی

فَاْتِ [6]	بِهَآ	اِنْ [2]	كُنْتَ	مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (106)
تو تو لے آ	اس کو	اگر	ہے تو	سچوں میں سے

فَاَلْقٰى	عَصَاهُ	فَاِذَا [6][8]	هِیَ	ثُعْبَانٌ
تو اُس نے ڈال دیا	اپنی لاٹھی (کو)	تو اچانک (تھی)	وہ	اژدھا

مُّبِيْنٌ (107) ۚۖ	وَّ نَزَعَ	يَدَهٗ	فَاِذَا [8][6]	هِیَ
واضح	اور اس نے نکالا	اپنا ہاتھ	تو اچانک	وہ

ع 13 9 3

بَيْضَآءُ	لِلنّٰظِرِيْنَ (108) ع	قَالَ	الْمَلَاُ [9]
سفید (تھا)	دیکھنے والوں کے لیے	کہا	سرداروں (نے)

مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ	اِنَّ [10]	هٰذَا	لَسٰحِرٌ [11]	عَلِيْمٌ [12] (109) لا
فرعون کی قوم میں سے	بیشک	یہ	یقیناً جادوگر (ہے)	بہت علم والا

يُّرِيْدُ	اَنْ	يُّخْرِجَكُمْ	مِّنْ اَرْضِكُمْ ج
وہ چاہتا ہے	کہ	وہ نکال دے تمہیں	تمہاری زمین سے

فَمَاذَا [6]	تَاْمُرُوْنَ (110)	قَالُوْٓا	اَرْجِهْ [13]	وَ
تو کیا	تم سب حکم (مشورہ) دیتے ہو	وہ سب کہنے لگے	تو مہلت دے اُسے	اور

اَخَاهُ	وَ	اَرْسِلْ [14]	فِی الْمَدَآئِنِ	حٰشِرِيْنَ [15] (111) لا
اُس کے بھائی (کو)	اور	تو بھیج	شہروں میں	سب جمع کرنے والے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] یہ اصل میں اِنِّیْ حَقِيْقٌ ہے جیسا کہ اس سے پہلے اِنِّیْ رَسُوْلٌ گزرا ہے، یعنی میں اس پر ثابت ہوں یا مجھ پر لازم ہے یا میں اس لائق ہوں۔

[2] علامت اَنْ کا ترجمہ کہ اور اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے۔

[3] قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔

[4] جِئْتُ کا اصل ترجمہ ہے میں آیا اور اگر اس کے بعد علامت بِ ہو تو ترجمہ آیا کی بجائے لایا کیا جاتا ہے پھر علامت بِ کا الگ ترجمہ نہیں کیا جاتا۔

[5] ةٍ واحد مؤنث کی علامت ہے۔

[6] لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ عموماً پس، تو، پھر، سو اور کبھی چنانچہ بھی کیا جاتا ہے۔

[7] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[8] اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک بھی ہوتا ہے۔

[9] فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[10] اِنَّ شروع میں تاکید کی علامت ہے۔

[11] اسم کے شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے جسکا ترجمہ بلاشبہ ضرور یا یقیناً کیا جاتا ہے

[12] اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[13] اَرْجِهْ دراصل اَرْجِئْهُ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے ء کو حذف کر کے ہ کو ساکن کیا گیا ہے۔

[14] فعل کے شروع میں اَ اور آخر میں جزم ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے

[15] اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

حَقِیۡقٌ عَلٰۤی اَنۡ	(میں) پوری طرح قائم ہوں اس پر کہ
لَّاۤ اَقُوۡلَ عَلَی اللّٰہِ اِلَّا الۡحَقَّ ؕ	میں اللہ پر حق کے سوا کچھ نہ کہوں
قَدۡ جِئۡتُکُمۡ بِبَیِّنَۃٍ	یقیناً میں تمہارے پاس واضح دلیل لایا ہوں
مِّنۡ رَّبِّکُمۡ	تمہارے رب کی طرف سے
فَاَرۡسِلۡ مَعِیَ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ ﴿105﴾ؕ	چنانچہ تو میرے ساتھ بنی اسرائیل کو بھیج۔ ﴿105﴾ؕ
قَالَ اِنۡ کُنۡتَ جِئۡتَ بِاٰیَۃٍ	اس نے کہا، اگر تو کوئی نشانی لایا ہے
فَاۡتِ بِہَاۤ	تو اُسے تو لے آ
اِنۡ کُنۡتَ مِنَ الصّٰدِقِیۡنَ ﴿106﴾	اگر تو سچوں میں سے ہے۔ ﴿106﴾
فَاَلۡقٰی عَصَاہُ	تو اُس نے اپنی لاٹھی کو ڈال دیا
فَاِذَا ہِیَ ثُعۡبَانٌ مُّبِیۡنٌ ﴿107﴾ۚۖ	تو اچانک وہ واضح اژدھا تھی۔ ﴿107﴾ۚۖ
وَّ نَزَعَ یَدَہٗ	اور اس نے اپنا ہاتھ نکالا
ع 13 9 3 فَاِذَا ہِیَ بَیۡضَآءُ لِلنّٰظِرِیۡنَ ﴿108﴾ع	تو اچانک وہ دیکھنے والوں کے لیے سفید تھا۔ ﴿108﴾ع
قَالَ الۡمَلَاُ مِنۡ قَوۡمِ فِرۡعَوۡنَ	فرعون کی قوم میں سے سرداروں نے کہا
اِنَّ ہٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِیۡمٌ ﴿109﴾ۙ	بے شک یہ یقیناً بڑا دانا جادوگر ہے۔ ﴿109﴾ۙ
یُّرِیۡدُ اَنۡ یُّخۡرِجَکُمۡ	وہ چاہتا ہے کہ تمہیں (جادو کے ذریعے) نکال دے
مِّنۡ اَرۡضِکُمۡ ۚ	تمہاری سرزمین سے
فَمَاذَا تَاۡمُرُوۡنَ ﴿110﴾	تو تم کیا حکم (مشورہ) دیتے ہو۔ ﴿110﴾
قَالُوۡۤا اَرۡجِہۡ وَ اَخَاہُ	وہ کہنے لگے مہلت دے دو اسے اور اسکے بھائی کو
وَ اَرۡسِلۡ فِی الۡمَدَآئِنِ	اور تو شہروں میں بھیج
حٰشِرِیۡنَ ﴿111﴾ۙ	جمع کرنے والے۔ ﴿111﴾ۙ

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

عَلٰۤی	علیحدہ، علی الاعلان۔
اِلَّا	الاماشاءاللہ، الا قلیل۔
الۡحَقَّ	حق و باطل، حقیقت۔
بِبَیِّنَۃٍ	بیان، مبیّنہ طور پر۔
فَاَرۡسِلۡ	رسول، مرسل، رسالت۔
مَعِیَ	مع اہل وعیال، معیّت۔
بَنِیۡۤ	ابنائے جامعہ، ابن عمر۔
بِاٰیَۃٍ	آیت، آیات قرآنی۔
الصّٰدِقِیۡنَ	صداقت، صدق دل۔
فَاَلۡقٰی	القاء۔
عَصَاہُ	عصائے موسیٰ، عصا بردار۔
نَزَعَ	نزع، وقت نزع۔
یَدَہٗ	ید بیضا، رفع الیدین۔
بَیۡضَآءُ	ابیض، ید بیضاء۔
لِلنّٰظِرِیۡنَ	الحمدللہ، لہٰذا / نظر، نظارہ۔
قَالَ	قول، اقوال، مقولہ۔
مِنۡ	منجانب، من حیث القوم۔
قَوۡمِ	قوم، قومیت، اقوام عالم۔
ہٰذَا	حامل رقعہ ہذا، لہٰذا۔
لَسٰحِرٌ	سحر، ساحر، سحر بیانی۔
عَلِیۡمٌ	علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
یُّرِیۡدُ	ارادہ، مرید، مراد۔
یُّخۡرِجَکُمۡ	خارج، خروج، اخراج۔
اَرۡضِکُمۡ	ارض وسما، قطعہ اراضی۔
تَاۡمُرُوۡنَ	امر، آمر، مامور، امور۔
اَخَاہُ	اخوت، مواخات۔
اَرۡسِلۡ	رسول، مرسل، رسالت۔
فِی	فی الحال، فی الحقیقت۔
الۡمَدَآئِنِ	مدینہ طیبہ، مدینۃ الرسول۔
حٰشِرِیۡنَ	حشر، روز محشر، حشر و نشر۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

يَأْتُوْكَ [1]	بِكُلِّ سٰحِرٍ	عَلِيْمٍ (112)	وَجَآءَ
وہ سب لے آئیں تیرے پاس	ہر جادوگر کو	بہت علم والے	اور آئے

السَّحَرَةُ [2][3]	فِرْعَوْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّ	لَنَا [4]
جادوگر	فرعون (کے پاس)	وہ سب کہنے لگے	بے شک	ہمارے لیے

لَاَجْرًا [5]	اِنْ	كُنَّا	نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ [6] (113)	قَالَ
یقیناً کوئی انعام (ہوگا)	اگر	ہوئے ہم	ہم ہی سب غالب	اس نے کہا

نَعَمْ	وَاِنَّكُمْ	لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ (114)	قَالُوْا
ہاں!	اور یقیناً تم	ضرور مقرب لوگوں میں سے (ہوگے)	اُن سب نے کہا

يٰمُوْسٰٓى	اِمَّآ [7]	اَنْ	تُلْقِيَ	وَاِمَّآ [7]	اَنْ
اے موسیٰ!	یا	یہ کہ	توڈالے	اور یا	یہ کہ

نَّكُوْنَ	نَحْنُ	الْمُلْقِيْنَ (115)	قَالَ	اَلْقُوْا [8] ج
ہم ہوں	ہم	(پہلے) سب ڈالنے والے	اس نے کہا	تم سب ڈالو

فَلَمَّآ [9]	اَلْقَوْا [8]	سَحَرُوْٓا	اَعْيُنَ النَّاسِ
پھر جب	اُن سب نے ڈال دیں (جادو کی چیزیں)	اُنہوں نے جادو کر دیا	لوگوں کی آنکھوں (پر)

وَ	اسْتَرْهَبُوْهُمْ	وَجَآءُوْ [10][11]	بِسِحْرٍ	عَظِيْمٍ [12] (116)
اور	ان سب نے اُنہیں ڈرایا	اور وہ سب لائے	جادو	بہت بڑا

وَ	اَوْحَيْنَآ	اِلٰى مُوْسٰٓى	اَنْ اَلْقِ	عَصَاكَ [13] ج
اور	ہم نے وحی کی	موسیٰ کی طرف	یہ کہ توڈال دے	اپنی لاٹھی

فَاِذَا [14]	هِيَ	تَلْقَفُ [15]	مَا	يَاْفِكُوْنَ (117) ج
تو اچانک	وہ	نگلنے لگی	جو	وہ سب جھوٹ موٹ بنا رہے (تھے)

فَوَقَعَ [9]	الْحَقُّ [3]	وَبَطَلَ	مَا	كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ (118) ج
پس ثابت ہوگیا	حق	اور باطل ہوگیا	جو	وہ سب تھے	وہ سب کرتے

فَغُلِبُوْا [9]	هُنَالِكَ	وَانْقَلَبُوْا	صٰغِرِيْنَ (119) ج
تو وہ سب مغلوب ہوگئے	وہاں	اور وہ سب لوٹے	سب ذلیل (ہوکر)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔
2. اَلسَّحَرَةُ میں ةَ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ وہ جمع کے لیے ہے۔
3. فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔
4. لَنَا میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔
5. ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔
6. نَحْنُ کے بعد اَلْ میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔
7. اِمَّآ حرف شرط ہے دو چیزوں میں سے ایک کو اختیار کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
8. اَلْقُوْا میں حکم کا مفہوم ہے اور اَلْقَوْا میں گزرے ہوئے زمانے میں کام کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔
9. لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ عموماً پس، تو، پھر اور کبھی سو، چنانچہ بھی کیا جاتا ہے۔
10. یہاں جَآءُوْ کے آخر میں وْ جمع کی علامت ہے اور "ا" قرآنی کتابت میں نہیں ہے۔
11. جَآءُوْ کا اصل ترجمہ آئے ہے اگر اس کے بعد لفظ بِ ہو تو ترجمہ لائے ہوتا ہے اور پھر علامت بِ کا الگ ترجمہ نہیں کیا جاتا۔
12. اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔
13. كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔
14. اِذَا کا ترجمہ عموماً جب اور کبھی اچانک بھی کیا جاتا ہے۔
15. تَ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ہے۔

يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿112﴾	(کہ) وہ تیرے پاس ہر دانا جادوگر کو لے آئیں۔ ﴿112﴾
وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ	(چنانچہ ایسا ہی ہوا) اور جادوگر فرعون کے پاس آ پہنچے
قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا	وہ کہنے لگے بیشک ہمارے لیے یقیناً کوئی انعام ہوگا
اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿113﴾	اگر ہم ہی غالب ہوئے۔ ﴿113﴾
قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ	اس نے کہا: ہاں اور یقیناً تم (مزید)
لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿114﴾	ضرور میرے مقرب لوگوں میں سے ہوگے۔ ﴿114﴾
قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ	اُنہوں نے کہا اے موسیٰ! یا یہ کہ تو ڈالے
وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿115﴾	اور یا یہ کہ ہم ہی (پہلے) ڈالنے والے ہوں۔ ﴿115﴾
قَالَ اَلْقُوْا ۚ	اس نے کہا تم ڈالو
فَلَمَّآ اَلْقَوْا	پھر جب اُنہوں نے (جادو کی چیزیں) ڈال دیں
سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ	(تو) اُنہوں نے لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا
وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ	اور اُنہیں ڈرا دیا
وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿116﴾	اور وہ بہت بڑا جادو لائے۔ ﴿116﴾
وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى	اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی
اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا	یہ کہ تو (بھی) اپنی لاٹھی ڈال دے تو اچانک
سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ	عنقریب اُنہیں غضب پہنچے گا
مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ	اُنکے رب کی طرف سے اور ذلت (نصیب ہوگی)
فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَكَذٰلِكَ	دنیوی زندگی میں، اور اسی طرح
نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ ﴿152﴾	ہم بہتان باندھنے والوں کو بدلہ دیتے ہیں۔ ﴿152﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- غَضْبَانَ: غیظ و غضب، غضبناک۔
- خَلَفْتُمُوْنِيْ: خلیفہ، خلافت، ناخلف۔
- مِنْ: منجانب، من حیث القوم۔
- بَعْدِيْ: بعد از طعام، بعد از کلام۔
- عَجِلْتُمْ: عجلت، مہر معجل۔
- اَمْرَ: امر، آمر، مامور، امور۔
- اَلْقٰى: القاء۔
- الْاَلْوَاحَ: لوح محفوظ، لوح و قلم۔
- وَ: شان و شوکت، رحم و کرم۔
- اَخَذَ: اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔
- بِرَاْسِ: راس المال، رئیس، رؤساء۔
- اَخِيْهِ: اخوت، مواخات۔
- اِلَيْهِ: مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
- قَالَ: قول، مقولہ، اقوال زریں۔
- ابْنَ: ابنائے جامعہ، ابن عمر۔
- اُمَّ: اُم الخبائث، اُم الکتاب۔
- الْقَوْمَ: قوم، قومیت، اقوام عالم۔
- اسْتَضْعَفُوْنِيْ: ضعف، ضعیف، ضعفا۔
- يَقْتُلُوْنَنِيْ: قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
- الْاَعْدَاۗءَ: عدوّ، اعداء، عداوت۔
- مَعَ: مع اہل و عیال، معیّت۔
- الظّٰلِمِيْنَ: ظلم، ظالم، مظلوم۔
- اغْفِرْ: مغفرت، استغفار۔
- اَدْخِلْنَا: داخل، داخلہ، مداخلت۔
- فِيْ: فی الحال، فی الواقع، فی زمانہ۔
- اَرْحَمُ: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن۔
- اتَّخَذُوْا: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
- غَضَبٌ: غیظ و غضب، غضبناک۔
- كَذٰلِكَ: کماحقہ، کالعدم۔
- نَجْزِيْ: جزا و سزا، جزاک اللہ خیراً۔

وَالَّذِيْنَ	عَمِلُوا	السَّيِّاٰتِ [1]	ثُمَّ	تَابُوْا
اور جن	سب نے اعمال کیے	بُرے	پھر	اُن سب نے توبہ کی

مِنْۢ بَعْدِهَا [2]	وَ اٰمَنُوْٓا ز	اِنَّ	رَبَّكَ	مِنْۢ بَعْدِهَا [2]
اُن کے بعد	اور وہ سب ایمان لے آئے	بے شک	تیرا رب	اس کے بعد

لَغَفُوْرٌ [3]	رَّحِيْمٌ [3] (153)	وَلَمَّا	سَكَتَ	عَنْ مُّوْسَى
یقیناً بے حد بخشنے والا	بڑا مہربان (ہے)	اور جب	(خاموش) ہوگیا	موسیٰ سے

الْغَضَبُ	اَخَذَ	الْاَلْوَاحَ صلے [4]	وَ	فِيْ نُسْخَتِهَا
غصہ	اس نے اُٹھا لیں	تختیاں	اور	اُن میں (جو) لکھا تھا

هُدًى	وَّ	رَحْمَةٌ [1]	لِّلَّذِيْنَ	هُمْ
(وہ) ہدایت	اور	رحمت (تھی)	(اُن لوگوں) کے لیے جو	وہ

لِرَبِّهِمْ	يَرْهَبُوْنَ (154)	وَ	اخْتَارَ	مُوْسٰى
اپنے رب سے	وہ سب ڈرتے ہیں	اور	چنے	موسیٰ (نے)

قَوْمَهٗ	سَبْعِيْنَ	رَجُلًا	لِّمِيْقَاتِنَا ج [5]	فَلَمَّآ
اپنی قوم (سے)	ستر	آدمی	ہمارے مقررہ وقت کے لیے	پھر جب

اَخَذَتْهُمُ [6] [1]	الرَّجْفَةُ [7] [1]	قَالَ	رَبِّ [8]	لَوْ
پکڑ لیا اُنہیں	زلزلے (نے)	کہا (موسیٰ نے)	(اے میرے) رب!	اگر

شِئْتَ	اَهْلَكْتَهُمْ [6]	مِّنْ قَبْلُ	وَ	اِيَّايَ ط	اَ
تو چاہتا	(تو) تو ہلاک کر دیتا اُنہیں	(اس) سے پہلے (ہی)	اور	مجھے بھی	کیا

تُهْلِكُنَا [9]	بِمَا [10]	فَعَلَ	السُّفَهَآءُ	مِنَّا ج [11]	اِنْ [12]
تو ہلاک کرے گا ہمیں	(اس) وجہ سے جو	کیا	بے وقوف (لوگوں نے)	ہم میں سے	نہیں (ہے)

هِيَ [13]	اِلَّا	فِتْنَتُكَ ط	تُضِلُّ	بِهَا [10]	مَنْ
یہ	مگر	تیری آزمائش	تو گمراہ کرتا ہے	اس کے ذریعے	جسے

تَشَآءُ	وَ	تَهْدِيْ	مَنْ	تَشَآءُ ط
تو چاہتا ہے	اور	تو ہدایت دیتا ہے	جسے	تو چاہتا ہے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] علامت ات، ۃ اسم کے ساتھ اور تْ فعل کے ساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[2] اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

[3] اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

[4] فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[5] اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو اپنی قوم کے ستر آدمیوں سمیت کوہ طور پر حاضر ہونے کا حکم دیا تاکہ پوری قوم کی طرف سے بچھڑے کی پوجا کے جرم کی معافی مانگیں چنانچہ سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے ستر نمائندوں کا انتخاب فرمایا اور انہیں کوہِ طور لے گئے۔

[6] علامت هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں یا ان کو کیا جاتا ہے۔

[7] سورۃ بقرہ میں بجلی کی کڑک سے ان کی موت کا ذکر ہے اور یہاں زلزلے سے ہو سکتا ہے کہ دونوں عذاب آئے ہوں اوپر سے بجلی کی کڑک اور نیچے سے زلزلہ۔

[8] رَبِّ اصل میں يَارَبِّيْ تھا، شروع سے يَا اور آخر سے يْ تخفیف کے لیے گرے ہوئے ہیں۔

[9] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمیں کیا جاتا ہے۔

[10] بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بذریعہ، بوجہ کیا جاتا ہے۔

[11] مِنَّا دراصل مِنْ + نَا کا مجموعہ ہے۔

[12] اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

[13] هِيَ کا اصل ترجمہ وہ ہے یہاں ضرورتاً ترجمہ یہ کیا گیا ہے۔

وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ	اور وہ (لوگ) جنھوں نے بُرے اعمال کیے
ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا	پھر اُنہوں نے اُن کے بعد توبہ کی
وَاٰمَنُوْٓا	اور وہ ایمان لے آئے
اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا	بلاشبہ تیرا رب اس کے بعد
لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿153﴾	یقیناً بے حد بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔ ﴿153﴾
وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ	اور جب موسیٰ سے غصہ ٹھنڈا ہو گیا
اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۚۖ وَفِيْ نُسْخَتِهَا	تختیاں اُٹھا لیں، اور اُن میں (جو) لکھا تھا
هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ	(وہ) ہدایت اور رحمت تھی اُن (لوگوں) کے لیے وہ جو
لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ﴿154﴾	اپنے رب سے ڈرتے ہیں۔ ﴿154﴾
وَاخْتَارَ مُوْسٰى	اور موسیٰ نے چُنے
قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا	اپنی قوم میں سے ستر آدمی
لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ	ہمارے مقررہ وقت کے لیے، پھر جب
اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ	اُنہیں زلزلے نے پکڑ لیا تو، (موسیٰ نے) کہا:
رَبِّ لَوْ شِئْتَ	اے میرے رب! اگر تو چاہتا
اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَاِيَّايَ ۭ	(تو) اُنہیں اس سے پہلے (ہی) ہلاک کر دیتا اور مجھے بھی
اَتُهْلِكُنَا بِمَا	کیا تو ہمیں اس وجہ سے ہلاک کرے گا جو
فَعَلَ السُّفَهَاۗءُ مِنَّا ۚ	ہم میں سے بے وقوف لوگوں نے کیا
اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ۭ	یہ تیری آزمائش کے سوا کچھ نہیں ہے
تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَاۗءُ	تو گمراہ کرتا ہے اس کے ذریعے جسے تو چاہتا ہے
وَتَهْدِيْ مَنْ تَشَاۗءُ ۭ	اور تو ہدایت دیتا ہے جسے تو چاہتا ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَ	:شان وشوکت، رحم وکرم۔
عَمِلُوْا	:عمل، اعمال، معمول۔
السَّيِّاٰتِ	:علمائے سوء، اعمال سیّئہ۔
تَابُوْا	:توبہ، تائب، توبۃ النصوحہ۔
مِنْ	:منجانب، من حیث القوم۔
بَعْدِهَا	:بعد از طعام، بعد از کلام۔
اٰمَنُوْٓا	:امن، ایمان، مؤمن۔
لَغَفُوْرٌ	:مغفرت، استغفر اللہ۔
رَّحِيْمٌ	:رحیم، رحمت، رحمٰن۔
سَكَتَ	:سکوت طاری ہونا، سکتہ۔
الْغَضَبُ	:غضب، غیظ وغضب۔
اَخَذَ	:اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
الْاَلْوَاحَ	:لوح محفوظ، لوح وقلم۔
فِيْ	:فی الحال، فی الفور، فی زمانہ۔
نُسْخَتِهَا	:نسخہ کیمیا، نسخہ خاص۔
هُدًى	:ہدایت، ہادیٔ برحق۔
رَحْمَةٌ	:رحمت، رحمت باری تعالیٰ۔
لِّلَّذِيْنَ	:الحمد للہ، لہٰذا۔
اخْتَارَ	:اختیار، اختیاری مضامین۔
رَجُلًا	:رجال کار، قحط الرجال۔
لِّمِيْقَاتِنَا	:میقاتِ حج، وقت، اوقات۔
قَالَ	:قول، مقولہ، اقوالِ زریں۔
شِئْتَ	:ماشاء اللہ، ان شاء اللہ۔
اَهْلَكْتَهُمْ	:ہلاک، ہلاکت، مہلک۔
فَعَلَ	:فعل، فاعل، مفعول۔
اِلَّا	:اِلا ماشاء اللہ، اِلا قلیل۔
فِتْنَتُكَ	:فتنہ وفساد، فتنہ پرور۔
تُضِلُّ	:ضلالت وگمراہی۔
تَشَاۗءُ	:ماشاء اللہ، مشیّت۔
تَهْدِيْ	:ہدایت، ہادیٔ برحق۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

اَنْتَ	وَلِيُّنَا	فَاغْفِرْ [1]	لَنَا [2]	وَارْحَمْنَا
تو	ہمارا کارساز (ہے)	پس تو معاف فرما	ہم کو	اور تو رحم فرما ہم پر

وَ	اَنْتَ	خَيْرُ	الْغٰفِرِيْنَ ﴿155﴾	وَ	اكْتُبْ
اور	تو	بہترین (ہے)	سب معاف کرنے والوں (سے)	اور	تو لکھ دے

لَنَا [2]	فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا	حَسَنَةً [3]	وَّ	فِي الْاٰخِرَةِ [3]
ہمارے لیے	اس دنیا میں	بھلائی	اور	آخرت میں (بھی)

اِنَّا [4]	هُدْنَآ [5]	اِلَيْكَ ط	قَالَ	عَذَابِيْٓ [6]	اُصِيْبُ
بیشک ہم	ہم نے رجوع کیا	تیری طرف	(اللہ نے) فرمایا	(جو) میرا عذاب (ہے)	میں پہنچاتا ہوں

بِهٖ [7]	مَنْ	اَشَآءُ ج	وَ	رَحْمَتِيْ [6]
اُس کو	جسے	میں چاہتا ہوں	اور	میری رحمت

وَسِعَتْ [8]	كُلَّ شَيْءٍ ط	فَسَاَكْتُبُهَا	لِلَّذِيْنَ
گھیرے ہوئے ہے	ہر چیز (کو)	پس عنقریب ضرور میں لکھ دوں گا اُسے	(اُن لوگوں) کے لیے جو

يَتَّقُوْنَ	وَيُؤْتُوْنَ	الزَّكٰوةَ [9] [1]	وَالَّذِيْنَ
وہ سب پرہیزگاری اختیار کرتے ہیں	اور وہ سب ادا کرتے ہیں	زکوٰۃ	اور (وہ لوگ) جو

هُمْ	بِاٰيٰتِنَا [3] [7]	يُؤْمِنُوْنَ ج ﴿156﴾	اَلَّذِيْنَ	يَتَّبِعُوْنَ
وہ سب	ہماری آیات پر	وہ سب ایمان رکھتے ہیں	(وہ لوگ) جو	وہ سب پیروی کرتے ہیں

الرَّسُوْلَ [9]	النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ	الَّذِيْ	يَجِدُوْنَهٗ
رسول (کی)	(جو) اُمی نبی (ہیں)	جو (کہ)	وہ سب پاتے ہیں اُسے

مَكْتُوْبًا	عِنْدَهُمْ [10]	فِي التَّوْرٰىةِ [3]	وَالْاِنْجِيْلِ ز	يَاْمُرُهُمْ [10]
لکھا ہوا	اپنے پاس	تورات میں	اور انجیل (میں)	وہ حکم دیتا ہے انہیں

بِالْمَعْرُوْفِ	وَيَنْهٰىهُمْ [10]	عَنِ الْمُنْكَرِ	وَ	يُحِلُّ
نیکی کا	اور وہ روکتا ہے انہیں	برائی سے	اور	وہ حلال کرتا ہے

لَهُمُ [2]	الطَّيِّبٰتِ [3]	وَيُحَرِّمُ	عَلَيْهِمُ	الْخَبٰٓئِثَ
اُن کے لیے	پاکیزہ (چیزیں)	اور وہ حرام کرتا ہے	اُن پر	ناپاک (چیزیں)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] شروع میں اَ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔

[2] یہاں لَنَا اور لَهُمْ میں لَ در اصل لِ تھا اس کا ترجمہ عموماً کے لیے اور کبھی کا، کی، کو بھی کیا جاتا ہے۔

[3] ۃ، ـة، تْ اور ات واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں اور کبھی کو "ا" کو کھڑی زبر سے بھی لکھا جاتا ہے۔

[4] اِنَّا در اصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، یہاں تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے

[5] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو اور اس میں حکم کا مفہوم نہ ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[6] یْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ میرا، میری، میرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[7] بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بذریعہ، بوجہ کیا جاتا ہے۔

[8] رحمت کی وسعت کا اندازہ اس حدیث سے لگایا جاسکتا ہے جس میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے 100 حصے ہیں جس میں سے ایک حصہ اُس نے پوری دنیا میں بھیجا ہے جس کی وجہ سے پوری مخلوق ایک دوسرے پر رحم کرتی ہے یہاں تک کہ وحشی جانور بھی اپنے بچوں پر شفقت کرتے ہیں اور 99 حصے اللہ تعالیٰ نے اپنے پاس رکھے ہیں۔

[9] فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[10] علامت هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ان کا یا اپنا اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔

اَنْتَ وَلِيُّنَا	تو ہمارا کارساز ہے
فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا	تو ہمیں (ہمارے گناہ) معاف فرما اور ہم پر رحم فرما
وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ﴿155﴾	اور تو معاف کرنے والوں میں سب سے بہتر ہے ﴿155﴾
وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا	اور تو ہمارے لیے اس دنیا میں لکھ دے
حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ	بھلائی اور آخرت میں (بھی)
اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ ؕ	بے شک ہم نے تیری طرف رجوع کیا
قَالَ عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ بِهٖ	فرمایا: (جو) میرا عذاب ہے، میں اُسے پہنچاتا ہوں
مَنْ اَشَآءُ ۚ وَرَحْمَتِيْ	جسے میں چاہتا ہوں اور (جو) میری رحمت ہے
وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ؕ	وہ ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے
فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ	پس عنقریب ضرور میں اُسے لکھ دوں گا اُن کیلئے جو
يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ	پرہیزگاری اختیار کرتے ہیں اور وہ زکوٰۃ ادا کرتے ہیں
وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ۚ ﴿156﴾	اور وہ (لوگ) جو ہماری آیات پر ایمان رکھتے ہیں۔ ﴿156﴾
اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ	وہ (لوگ) جو اُس رسول کی پیروی کرتے ہیں
النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ	(جو) اُمّی نبی ہیں
الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا	جس (کے اوصاف) کو لکھا ہوا وہ پاتے ہیں
عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ ۡ	اپنے پاس تورات اور انجیل میں،
يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ	وہ اُنہیں نیکی کا حکم دیتا ہے
وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ	اور اُنہیں بُرائی سے روکتا ہے
وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ	اور وہ اُن کے لیے پاکیزہ چیزیں حلال کرتا ہے
وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ	اور اُن پر ناپاک چیزیں حرام کرتا ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

وَلِيُّنَا: ولی، ولایت، اولیائے کرام۔
فَاغْفِرْ: مغفرت، استغفر اللہ۔
ارْحَمْنَا: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن۔
خَيْرُ: خیروعافیت، خیریت۔
اُكْتُبْ: کتاب، کُتب، کاتب۔
فِيْ: فی الحال، فی الفور، فی زمانہ۔
هٰذِهِ: حامل رقعہ ہذا، الہذا۔
حَسَنَةً: حسن، احسان، بدعت حسنہ۔
اِلَيْكَ: مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
قَالَ: قول، اقوال، اقوال زریں۔
اُصِيْبُ: مصیبت، مصائب۔
اَشَآءُ: ماشاء اللہ، مشیت الٰہی۔
وَسِعَتْ: وسعت، توسیع۔
كُلَّ: کل نمبر، کل تعداد۔
شَيْءٍ: شے، اشیائے خوردونوش۔
فَسَاَكْتُبُهَا: کتاب، کُتب، کاتب۔
يَتَّقُوْنَ: تقویٰ، متقی۔
يُؤْمِنُوْنَ: امن، ایمان، مؤمن۔
يَتَّبِعُوْنَ: اتباع، تابع، متبع سنت۔
الْاُمِّيَّ: نبی اُمی۔
يَجِدُوْنَهٗ: وجد، وجود، موجود، وجدان۔
عِنْدَهُمْ: عندالطلب، عندیہ۔
يَاْمُرُهُمْ: امر، آمر، مامور، امور۔
يَنْهٰىهُمْ: نہی عن المنکر، منہیات۔
الْمُنْكَرِ: منکرات، نہی عن المنکر۔
يُحِلُّ: حلال وحرام، رزق حلال۔
الطَّيِّبٰتِ: طیب وطاہر، مدینہ طیبہ۔
يُحَرِّمُ: حرام، محرم، حرمت۔
عَلَيْهِمُ: علیحدہ، علی الاعلان۔
الْخَبٰٓئِثَ: خبیث، خباثت۔

وَيَضَعُ [1]	عَنْهُمْ	اِصْرَهُمْ [2]	وَالْاَغْلٰلَ [2]	الَّتِيْ
اور وہ دور کرتا ہے	اُن سے	اُن کا بوجھ	اور (وہ) طوق	جو

كَانَتْ [3]	عَلَيْهِمْ ط	فَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	بِهٖ
تھے	اُن پر	تو (وہ لوگ) جو	سب ایمان لائے	اُس پر

وَعَزَّرُوْهُ	وَنَصَرُوْهُ	وَاتَّبَعُوا	النُّوْرَ [4]
اور سب نے حمایت کی اُس کی	اور سب نے مدد کی اُس کی	اور ان سب نے پیروی کی	(اُس) نور کی

ع 19 6 9

الَّذِيْٓ	اُنْزِلَ [5]	مَعَهٗٓ لا	اُولٰٓئِكَ	هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ [6] ع (157)
جو	نازل کیا گیا	اُسکے ساتھ	وہ (لوگ)	ہی سب فلاح پانے والے (ہیں)

قُلْ	يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ [7]	اِنِّيْ	رَسُوْلُ اللّٰهِ
آپ کہہ دیجیے	اے	لوگو	بے شک میں	اللہ کا رسول (ہوں)

اِلَيْكُمْ	جَمِيْعًا	الَّذِيْ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ [3]
تمہاری طرف	سب کی	جو (کہ)	اُسی کے لیے (ہے)	بادشاہی	آسمانوں (کی)

وَالْاَرْضِ ج	لَآ اِلٰهَ [8]	اِلَّا هُوَ	يُحْيٖ	وَيُمِيْتُ ص
اور زمین (کی)	کوئی نہیں معبود	مگر وہی	وہ زندہ کرتا ہے	اور وہ مارتا ہے

فَاٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ [9]	وَ	رَسُوْلِهِ	النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ [10]
پس تم سب ایمان لاؤ	اللہ پر	اور	اسکے رسول (پر)	(جو) امی نبی (ہیں)

الَّذِيْ	يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ [9]	وَكَلِمٰتِهٖ [3]	وَاتَّبِعُوْهُ
(وہ) جو	وہ ایمان رکھتا ہے	اللہ پر	اور اُسکی باتوں (پر)	اور تم سب پیروی کرو اُسی کی

لَعَلَّكُمْ	تَهْتَدُوْنَ (158)	وَ	مِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى	اُمَّةٌ [12] [11] [3]
تاکہ تم	تم سب ہدایت پا جاؤ	اور	موسیٰ کی قوم سے	ایک گروہ (ہے کہ)

يَّهْدُوْنَ	بِالْحَقِّ [9]	وَ	بِهٖ [9]	يَعْدِلُوْنَ (159)
وہ سب رہنمائی کرتے ہیں	حق کے ساتھ	اور	اسی کے ساتھ	وہ سب عدل کرتے ہیں

وَ	قَطَّعْنٰهُمُ	اثْنَتَيْ عَشْرَةَ [2]	اَسْبَاطًا	اُمَمًا ط
اور	ہم نے جدا جدا کردیا اُنہیں	بارہ	قبیلوں (میں)	گروہ (بنا کر)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 يَضَعُ کا اصل ترجمہ وہ رکھتا ہے اگر اسکے بعد عَنْ ہو تو پھر اسکا ترجمہ وہ دور کرتا ہے ہوتا ہے۔

2 بوجھ اور طوق دور کرنے سے مراد یہ ہے کہ جو مشکلات پچھلی شریعت میں تھیں انہیں دور کیا مثلاً: قاتل کو معافی اور دیت کی سہولت نہیں تھی اور کپڑے میں نجاست والی جگہ کو کاٹنا ضروری تھا تو اسلامی شریعت میں قاتل کو معافی اور دیت کی سہولت دی گئی نجاست والے کپڑے کو دھونے کا حکم دیا گیا۔

3 تْ اور ات، ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

4 فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس کا مفعول ہوتا ہے۔

5 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

6 هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اسکا ملا کر ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

7 یا اور اَيُّهَا دونوں کا ترجمہ اے ہے۔

8 لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے۔

9 بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر، بذریعہ، بوجہ کیا جاتا ہے۔

10 نبی اُمّی آپ ﷺ کی خاص صفت ہے جسکا ترجمہ ان پڑھ ہے یعنی آپکا کوئی استاذ نہیں کہ شاگرد ہونے کی وجہ سے آپ کی شان میں کمی ہوتی آپ نے ان پڑھ ہو کر یہ قرآن پیش کیا یہ آپکی صداقت اور حقانیت کی دلیل ہے۔

11 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

12 اس سے مراد وہ یہودی ہیں جو مسلمان ہوگئے تھے مثلاً عبد اللہ بن سلام وغیرہ۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ	اور وہ اُن سے اُن کا بوجھ دور کرتا ہے
وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ؕ	اور (وہ) طوق (بھی اتارتا ہے) جو اُن پر تھے
فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ	تو جو (لوگ) اُس پر ایمان لائے اور اُس کی حمایت کی
وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ	اور اُسکی مدد کی اور انہوں نے (اُس) نور کی پیروی کی
الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ	جو اُس کے ساتھ اُتارا گیا
ع 19 9 اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿157﴾	وہ (لوگ) ہی فلاح پانے والے ہیں۔ ﴿157﴾
قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ	کہہ دیجیے اے لوگو! بیشک میں اللہ کا رسول ہوں
اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ۨالَّذِيْ لَهٗ	تم سب کی طرف جس کے لیے
مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ	آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ	اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے
يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۠	وہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے
فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ	پس تم اللہ پر ایمان لاؤ
وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ	اور اس کے رسول اُمی نبی پر (ایمان لاؤ)
الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ	(وہ رسول) جو اللہ اور اُس کی باتوں پر ایمان رکھتا ہے
وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿158﴾	اور اُسی کی پیروی کرو تاکہ تم ہدایت پا جاؤ۔ ﴿158﴾
وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى اُمَّةٌ	اور موسیٰ کی قوم میں سے ایک گروہ (ایسا) ہے
يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ	(کہ) وہ رہنمائی کرتے ہیں حق کے ساتھ
وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿159﴾	اور اسی (حق) کیساتھ وہ عدل وانصاف کرتے ہیں۔ ﴿159﴾
وَقَطَّعْنٰهُمُ	اور ہم نے اُنہیں تقسیم کر دیا
اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ	بارہ قبیلے (بناکر) گروہوں کی شکل میں

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- عَلَيْهِمْ: علیحدہ، علی العموم۔
- اٰمَنُوْا: امن، ایمان، مؤمن۔
- نَصَرُوْهُ: نصرت، ناصر، انصار، منصور۔
- اتَّبَعُوا: اتباع، تابع، متبع سنت۔
- النُّوْرَ: نور، انوار، نورانیت۔
- اُنْزِلَ: نازل، نزول، منزل من اللہ۔
- مَعَهٗٓ: مع اہل وعیال، معیّت۔
- الْمُفْلِحُوْنَ: فوز وفلاح، فلاح دارین۔
- قُلْ: قول، اقوال، مقولہ۔
- النَّاسُ: عوام الناس، عامۃ الناس۔
- رَسُوْلُ: رسول، رسالت، مرسل۔
- اِلَيْكُمْ: مرسل الیہ، رجوع الی اللہ۔
- جَمِيْعًا: جماعت، جمع، مجموعہ۔
- مُلْكُ: مُلک وملت، مملکت۔
- السَّمٰوٰتِ: ارض وسما، کتب سماویہ۔
- الْاَرْضِ: ارض وسما، قطعہ اُراضی۔
- لَآ: لاعلاج، لاتعداد، لاعلم۔
- اِلٰهَ: یاالٰہی، الہ العالمین۔
- اِلَّا: الاماشاء اللہ، الاقلیل۔
- يُحْيٖ: حیات، احیائے سنت۔
- يُمِيْتُ: موت وحیات، میت۔
- الْاُمِّيِّ: نبی اُمی۔
- كَلِمٰتِهٖ: کلمہ، کلام، کلمات، متکلم۔
- اتَّبِعُوْهُ: اتباع، تابع، متبع سنت۔
- تَهْتَدُوْنَ: ہدایت، ہادی برحق۔
- قَوْمِ: قوم، قومیت، اقوام عالم۔
- بِالْحَقِّ: حق وباطل، حقیقت۔
- يَعْدِلُوْنَ: عدل، عادل، عدلیہ۔
- قَطَّعْنٰهُمُ: قطع تعلق، قطع رحمی۔
- اُمَمًا: امم سابقہ، امت محمدیہ۔

وَ	اَوْحَيْنَآ [1]	اِلٰى مُوْسٰى	اِذِ	اسْتَسْقٰهُ [2]
اور	ہم نے وحی کی	موسیٰ کی طرف	جب	پانی مانگا اس سے

قَوْمُهٗٓ	اَنِ	اضْرِبْ [3]	بِّعَصَاكَ [4]	الْحَجَرَ ۚ
اسکی قوم (نے)	یہ کہ	تو مار	اپنی لاٹھی کو	پتھر (پر)

فَانْۢبَجَسَتْ [5][6]	مِنْهُ	اثْنَتَا عَشْرَةَ [6]	عَيْنًا ؕ	قَدْ عَلِمَ
تو پھوٹ پڑے	اُس سے	بارہ	چشمے	یقیناً معلوم کرلیا

كُلُّ اُنَاسٍ	مَّشْرَبَهُمْ ؕ	وَظَلَّلْنَا [1]	عَلَيْهِمُ	الْغَمَامَ
سب لوگوں (نے)	اپنا گھاٹ	اور ہم نے سایہ کیا	اُن پر	بادلوں (کا)

وَ	اَنْزَلْنَا [1]	عَلَيْهِمُ	الْمَنَّ	وَ	السَّلْوٰى ؕ
اور	ہم نے اُتارا	اُن پر	من	اور	سلویٰ

كُلُوْا [7]	مِنْ طَيِّبٰتِ [6]	مَا	رَزَقْنٰكُمْ ؕ [8][1]	وَمَا
تم سب کھاؤ	پاکیزہ (چیزوں) سے	جو	ہم نے رزق دیا تمھیں	اور نہیں

ظَلَمُوْنَا [9]	وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ (160)
ظلم کیا اُن سب نے ہم پر	اور لیکن	وہ تھے سب	اپنی جانوں (پر)	وہ سب ظلم کرتے

وَاِذْ	قِيْلَ [10]	لَهُمُ	اسْكُنُوْا [3]	هٰذِهِ الْقَرْيَةَ [11][6]
اور جب	کہا گیا	اُن سے	تم سب رہو	اس بستی (میں)

وَكُلُوْا [7]	مِنْهَا	حَيْثُ	شِئْتُمْ	وَقُوْلُوْا
اور تم سب کھاؤ	اُس میں سے	جہاں (سے)	تم چاہو	اور تم سب کہو

حِطَّةٌ [6]	وَّادْخُلُوا	الْبَابَ	سُجَّدًا [12]	نَّغْفِرْ
بخش دے	اور تم سب داخل ہوجاؤ	دروازے (میں)	سجدہ کرتے ہوئے	ہم بخش دیں گے

لَكُمْ	خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ ؕ [6]	سَنَزِيْدُ	الْمُحْسِنِيْنَ [13] (161)
تمہارے لیے	تمہاری خطائیں	عنقریب ضرور ہم زیادہ دیں گے	سب نیکی کرنے والوں (کو)

فَبَدَّلَ [5]	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مِنْهُمْ	قَوْلًا
پھر بدل دیا	(اُن لوگوں نے) جن	سب نے ظلم کیا	اُن میں سے	بات (کو)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[2] فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[3] فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون یا وْا ہو تو اس فعل میں حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔

[4] بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بذریعہ، بوجہ کیا جاتا ہے ۔

[5] لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ عموماً پس، تو، پھر اور کبھی سو بھی کیا جاتا ہے۔

[6] تْ، ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[7] كُلُوْا دراصل اُؤْكُلُوْا تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے شروع کے دونوں ہمزے گرائے گئے ہیں۔

[8] فعل کے آخر میں كُمْ ہو تو اس کا ترجمہ تمہیں کرتے ہیں۔

[9] وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔

[10] قِيْلَ اصل میں قُوِلَ تھا فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے یہاں و کی زیر ماقبل کو دے کر اُسے ی سے بدلا گیا ہے۔

[11] اکثر مفسرین کا خیال ہے کہ یہ بستی بیت المقدس تھی ۔

[12] سُجَّدًا سے بعض نے جھکے ہوئے اور بعض نے سجدہ شکر کرتے ہوئے مراد لیا ہے۔

[13] شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

وَاَوۡحَيۡنَاۤ اِلٰى مُوۡسٰٓى	اور ہم نے موسیٰ کی طرف (اس وقت) وحی کی
اِذِ اسۡتَسۡقٰٮهُ قَوۡمُهٗۤ	جب اس سے اس کی قوم نے پانی مانگا
اَنِ اضۡرِبْ بِّعَصَاكَ الۡحَجَرَ‌ ۚ	یہ کہ تو اپنی لاٹھی کو پتھر پر مار
فَانۡۢبَجَسَتۡ مِنۡهُ	تو اُس میں سے پھوٹ نکلے
اثۡنَتَا عَشۡرَةَ عَيۡنًا‌ ؕ	بارہ چشمے
قَدۡ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشۡرَبَهُمۡ‌ ؕ	یقیناً سب لوگوں نے اپنے پانی پینے کی جگہ معلوم کرلی
وَظَلَّلۡنَا عَلَيۡهِمُ الۡغَمَامَ	اور ہم نے اُن پر بادلوں کا سایہ کیا
وَاَنۡزَلۡنَا عَلَيۡهِمُ الۡمَنَّ وَالسَّلۡوٰى‌ؕ	اور ہم نے اُن پر من اور سلویٰ اُتارا (اور اُن سے کہا)
كُلُوۡا مِنۡ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقۡنٰكُمۡ‌ؕ	تم پاکیزہ چیزوں سے کھاؤ جو ہم نے تمہیں رزق دیا
وَمَا ظَلَمُوۡنَا وَلٰـكِنۡ	اور اُنہوں نے ہم پر ظلم نہیں کیا اور لیکن
كَانُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ يَظۡلِمُوۡنَ ﴿160﴾	وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ ﴿160﴾
وَاِذۡ قِيۡلَ لَهُمُ	اور جب اُن سے کہا گیا
اسۡكُنُوۡا هٰذِهِ الۡقَرۡيَةَ	(کہ) تم اس بستی میں رہو
وَكُلُوۡا مِنۡهَا حَيۡثُ شِئۡتُمۡ	اور تم اُس میں سے جہاں سے تم چاہو کھاؤ (پیو)
وَقُوۡلُوۡا حِطَّةٌ	اور (بستی میں داخل ہوتے وقت) تم کہو "بخش دے"
وَّادۡخُلُوا الۡبَابَ سُجَّدًا	اور تم دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہونا
نَّـغۡفِرۡ لَـكُمۡ خَطِيْٓـٰٔتِكُمۡ‌ؕ	(تو) ہم تمہارے لیے تمہاری خطائیں بخش دیں گے
سَنَزِيۡدُ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿161﴾	عنقریب ہم ضرور نیکی کرنیوالوں کو زیادہ دیں گے ﴿161﴾
فَبَدَّلَ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا مِنۡهُمۡ	پھر اُن میں سے جنہوں نے ظلم کیا بدل دیا
قَوۡلًا	بات کو

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- وَ : عدل وانصاف، رحم وکرم۔
- اَوۡحَيۡنَاۤ : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
- اسۡتَسۡقٰٮهُ : ساقی، ساقیٔ کوثر۔
- اضۡرِبْ : ضربِ کاری۔
- بِّعَصَاكَ : عصائے موسیٰ، عصا بردار۔
- الۡحَجَرَ : حجر اسود، حجر وشجر۔
- عَلِمَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
- اُنَاسٍ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
- مَّشۡرَبَهُمۡ : شراب، شربت، مشروب
- ظَلَّلۡنَا : ظل سبحانی، ظل ہما۔
- اَنۡزَلۡنَا : نازل، نزول، انزال۔
- الۡمَنَّ : من وسلویٰ۔
- السَّلۡوٰى : من وسلویٰ۔
- كُلُوۡا : اکل وشرب، اکلِ حلال۔
- طَيِّبٰتِ : طیب وطاہر، طیب چیزیں۔
- رَزَقۡنٰكُمۡ : رزق، رزّاق، رازق۔
- ظَلَمُوۡنَا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
- اَنۡفُسَهُمۡ : نفس، نفسا نفسی، تنفس۔
- اسۡكُنُوۡا : ساکن، سکون، مسکن، سکنہ۔
- الۡقَرۡيَةَ : قریہ قریہ بستی بستی۔
- حَيۡثُ : حیثیت، من حیث القوم۔
- شِئۡتُمۡ : ماشاء اللہ، مشیّت۔
- ادۡخُلُوا : دخل، داخل، دخول۔
- الۡبَابَ : باب، ابواب، باب خیبر۔
- نَّغۡفِرۡ : مغفرت، استغفار۔
- خَطِيْٓـٰٔتِكُمۡ : خطا، خطا کار۔
- سَنَزِيۡدُ : زیادہ، مزید، زائد۔
- الۡمُحۡسِنِيۡنَ : احسان، محسن، حسن خلق۔
- فَبَدَّلَ : تغیر وتبدل، تبدیلی، متبادل۔
- قَوۡلًا : قول، اقوال، مقولہ۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

غَيْرَ الَّذِىْ	قِيْلَ	لَهُمْ [1]	فَاَرْسَلْنَا [2][3]	عَلَيْهِمْ
(اسکے) علاوہ جو	کہی گئی	اُن سے	تو ہم نے بھیجا	اُن پر

ع 20 5 10

رِجْزًا	مِّنَ السَّمَآءِ	بِمَا [4]	كَانُوْا	يَظْلِمُوْنَ ﴿162﴾ ع
عذاب	آسمان سے	(اس) وجہ سے جو	وہ تھے	وہ سب ظلم کرتے

وَسْـَٔلْهُمْ [5]	عَنِ الْقَرْيَةِ [6]	الَّتِىْ	كَانَتْ [6]
اور آپ پوچھیں اُن سے	(اس) بستی کے بارے میں	جو	تھی

وقف لازم

حَاضِرَةَ [6]	الْبَحْرِ	اِذْ	يَعْدُوْنَ	فِى السَّبْتِ
کنارے (پر)	سمندر (کے)	جب	وہ سب حد سے تجاوز کرتے (تھے)	ہفتے کے دن میں

اِذْ	تَاْتِيْهِمْ [6]	حِيْتَانُهُمْ [7]	يَوْمَ سَبْتِهِمْ [7]
جب	آتی تھیں اُن کے پاس	اُن کی مچھلیاں	اُنکے ہفتے کے دن

معانقة 6

شُرَّعًا	وَّ	يَوْمَ	لَا يَسْبِتُوْنَ [8] لا	لَا تَاْتِيْهِمْ [9] ج
سر اُٹھاتے ہوئے	اور	(جس) دن	وہ سب ہفتہ نہ کرتے	نہ آتی تھیں اُن کے پاس

النصف

كَذٰلِكَ ج	نَبْلُوْهُمْ [9]	بِمَا [4]	كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿163﴾
اسی طرح	ہم آزماتے تھے اُنہیں	(اس) وجہ سے جو	تھے وہ سب نافرمانی کرتے

وَ	اِذْ	قَالَتْ [6]	اُمَّةٌ [6][10]	مِّنْهُمْ	لِمَ
اور	جب	کہا	ایک گروہ (نے)	اُن میں سے	کیوں

تَعِظُوْنَ [11]	قَوْمًا لا	اللّٰهُ	مُهْلِكُهُمْ [12][13]
تم سب نصیحت کرتے ہو	(ایسی) قوم کو (کہ)	اللہ	ہلاک کرنے والا ہے اُنہیں

اَوْ	مُعَذِّبُهُمْ [12][13]	عَذَابًا	شَدِيْدًا ط	قَالُوْا
یا	عذاب دینے والا ہے اُنہیں	عذاب	سخت	(تو) اُن سب نے کہا

مَعْذِرَةً [6]	اِلٰى رَبِّكُمْ	وَ	لَعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ ﴿164﴾
معذرت (پیش کرنے کے لیے)	تمہارے رب کی طرف	اور	شاید کہ وہ	وہ سب ڈر جائیں

فَلَمَّا [2]	نَسُوْا	مَا	ذُكِّرُوْا [14][15]	بِهٖٓ [4]
پھر جب	اُن سب نے بھلا دیا	جو	وہ سب نصیحت کیے گئے (تھے)	اس کے ساتھ

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔

2 لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ عموماً پس، تو، پھر اور کبھی سو اور چنانچہ بھی کیا جاتا ہے۔

3 نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے حرف پر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

4 بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بذریعہ، بوجہ کیا جاتا ہے ۔

5 وَسْـَٔلْهُمْ اصل میں وَ اِسْـَٔلْهُمْ تھا وَ کے بعد ا کو قرآنی کتابت میں گرایا جاتا ہے۔

6 ۃ، تْ اور تَ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

7 هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ ان کا، ان کی، ان کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے ۔

8 لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے ۔

9 هُمْ یا هِمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں یا اُن کو کیا جاتا ہے ۔

10 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

11 تَعِظُوْنَ دراصل تَوْعِظُوْنَ تھا آسانی کے لیے وْ کو گرا دیا گیا ہے۔

12 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

13 مُهْلِكُ اور مُعَذِّبُ دونوں اسموں میں کام کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے انکے بعد هُمْ کا ترجمہ اُنہیں کیا گیا ہے۔

14 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے

15 فعل کے درمیان میں شد ہو تو اس فعل میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

غَيۡرَ الَّذِىۡ قِيۡلَ لَهُمۡ	اس کے علاوہ جو اُن سے کہی گئی تھی
فَاَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ	تو ہم نے اُن پر بھیجا
رِجۡزًا مِّنَ السَّمَآءِ	آسمان سے عذاب
بِمَا كَانُوۡا يَظۡلِمُوۡنَ ع ۝162	اِس وجہ سے جو وہ ظلم کرتے تھے۔ ع ۝162
وَسۡـَٔلۡهُمۡ عَنِ الۡقَرۡيَةِ	اور آپ اُن سے اس بستی کے بارے میں پوچھیں
الَّتِىۡ كَانَتۡ حَاضِرَةَ الۡبَحۡرِ‌ۘ	جو سمندر کے کنارے پر (موجود) تھی
اِذۡ يَعۡدُوۡنَ فِى السَّبۡتِ	جب وہ حد سے تجاوز کرتے تھے ہفتے کے دن میں
اِذۡ تَاۡتِيۡهِمۡ حِيۡتَانُهُمۡ	جب اُن کے پاس اُن کی مچھلیاں آتی تھیں
يَوۡمَ سَبۡتِهِمۡ شُرَّعًا	سر اُٹھاتے ہوئے اُن کے ہفتے کے دن
وَّيَوۡمَ لَا يَسۡبِتُوۡنَ‌ ۙ لَا تَاۡتِيۡهِمۡ‌ ۛۚ	اور جس دن (انکا) ہفتہ نہ ہوتا وہ اُنکے پاس نہ آتی تھیں
كَذٰلِكَ‌ ۛۚ نَبۡلُوۡهُمۡ	اسی طرح ہم اُنہیں آزماتے تھے
بِمَا كَانُوۡا يَفۡسُقُوۡنَ ۝163	اس وجہ سے جو وہ نافرمانی کرتے تھے۔ ۝163
وَاِذۡ قَالَتۡ اُمَّةٌ مِّنۡهُمۡ	اور جب اُن میں سے ایک گروہ نے کہا
لِمَ تَعِظُوۡنَ قَوۡمًا ۙ	تم ایسی قوم کو کیوں نصیحت کرتے ہو (کہ)
اۨللّٰهُ مُهۡلِكُهُمۡ	اللہ اُنہیں ہلاک کرنے والا ہے
اَوۡ مُعَذِّبُهُمۡ عَذَابًا شَدِيۡدًا‌ ؕ	یا اُنہیں عذاب دینے والا ہے سخت عذاب
قَالُوۡا مَعۡذِرَةً	(تو) اُنہوں نے کہا: معذرت (پیش کرنے) کے لیے
اِلٰى رَبِّكُمۡ	تمہارے رب کی طرف
وَلَعَلَّهُمۡ يَتَّقُوۡنَ ۝164 فَلَمَّا	اور (اس لیے کہ) شاید وہ ڈر جائیں۔ ۝164 پھر جب
نَسُوۡا مَا ذُكِّرُوۡا بِهٖۤ	اُنہوں نے اسے بھلا دیا جسکی وہ نصیحت کیے گئے تھے

ع 20 / 5 / 10 — وقف لازم — معانقة — النصف

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- غَيۡرَ: غیر، اغیار، دیارِ غیر۔
- قِيۡلَ: قول، اقوال، مقولہ۔
- فَاَرۡسَلۡنَا: رسول، مرسل، ترسیل۔
- عَلَيۡهِمۡ: علی الاعلان، علی العموم۔
- مِّنَ: منجانب، من حیث القوم۔
- السَّمَآءِ: کتبِ سماویہ، ارض وسما۔
- بِمَا: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
- يَظۡلِمُوۡنَ: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
- وَسۡـَٔلۡهُمۡ: سوال، سائل، مسئول۔
- الۡقَرۡيَةِ: قریہ قریہ بستی بستی، ام القریٰ۔
- حَاضِرَةَ: حاضر، حاضری، استحضار۔
- الۡبَحۡرِ: بحرِ قلزم، بحیرۂ عرب، برّوبحر۔
- فِى: فی الحال، اظہار مافی الضمیر۔
- يَوۡمَ: یوم، ایام، یوم آخرت۔
- لَا: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔
- كَذٰلِكَ: کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔
- نَبۡلُوۡهُمۡ: بلاء، ابتلاء و آزمائش، مبتلا۔
- يَفۡسُقُوۡنَ: فسق و فجور، فاسق و فاجر۔
- اُمَّةٌ: امت، امت محمدیہ۔
- تَعِظُوۡنَ: وعظ، واعظ، وعظ و نصیحت۔
- قَوۡمًا: قوم، اقوام، قومیت۔
- مُهۡلِكُهُمۡ: ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔
- مُعَذِّبُهُمۡ: عذاب، عذابِ جہنم۔
- قَالُوۡا: قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
- مَعۡذِرَةً: عذر، معذرت، معذور۔
- اِلٰى: مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
- رَبِّكُمۡ: رب، ربوبیت، رب العالمین۔
- يَتَّقُوۡنَ: تقویٰ، متقی۔
- نَسُوۡا: نسیان، نسیاً منسیاً۔
- ذُكِّرُوۡا: ذکر، اذکار، تذکرہ، تذکیر۔

اَنْجَيْنَا [1]	الَّذِيْنَ	يَنْهَوْنَ	عَنِ السُّوْٓءِ
(تو) ہم نے نجات دی	(اُن لوگوں کو) جو	وہ سب روکتے (تھے)	برائی سے

وَ	اَخَذْنَا [1]	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	بِعَذَابٍۭ بَئِيْسٍۭ [2]
اور	ہم نے پکڑ لیا	(اُن لوگوں کو) جن	سب نے ظلم کیا	بدترین عذاب کے ساتھ

بِمَا [2]	كَانُوْا	يَفْسُقُوْنَ (165)	فَلَمَّا [3]
(اس) وجہ سے جو	وہ تھے	وہ سب نافرمانی کیا کرتے	پھر جب

عَتَوْا	عَنْ مَّا	نُهُوْا	عَنْهُ	قُلْنَا [1]
اُن سب نے سرکشی کی	(اس) سے جو	وہ سب روکے گئے (تھے)	اُس سے	(تو) ہم نے کہا

لَهُمْ [4]	كُوْنُوْا	قِرَدَةً [5]	خٰسِـِٕيْنَ (166)	وَاِذْ
اُن سے	(کہ) تم سب ہو جاؤ	بندر	سب ذلیل	اور جب

تَاَذَّنَ [6]	رَبُّكَ [7]	لَيَبْعَثَنَّ [8]	عَلَيْهِمْ
اعلان کر دیا	تیرے رب (نے)	بلاشبہ ضرور وہ بھیجتا رہے گا	اُن پر

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	مَنْ [9]	يَّسُوْمُهُمْ [10]	سُوْٓءَ
قیامت کے دن تک	جو	وہ چکھاتا رہے گا اُنہیں	برا

الْعَذَابِ ط	اِنَّ	رَبَّكَ [7]	لَسَرِيْعُ	الْعِقَابِ صلے	وَ
عذاب	بیشک	آپ کا رب	یقیناً بہت جلد	سزا (دینے) والا ہے	اور

اِنَّهٗ	لَغَفُوْرٌ [11]	رَّحِيْمٌ [11] (167)	وَ	قَطَّعْنٰهُمُ [1][10][12]
بیشک وہ	یقیناً بہت بخشنے والا	نہایت رحم کرنے والا (ہے)	اور	ہم نے جدا جدا کر دیا اُنہیں

فِي الْاَرْضِ	اُمَمًا ج	مِنْهُمُ	الصّٰلِحُوْنَ [13]
زمین میں	گروہوں (کی شکل میں)	اُن میں سے (کچھ)	نیک (تھے) (جمع)

وَ	مِنْهُمْ	دُوْنَ ذٰلِكَ ز	وَ	بَلَوْنٰهُمْ [10]
اور	اُن میں سے (کچھ)	اس کے علاوہ (تھے)	اور	ہم نے آزمایا اُنہیں

بِالْحَسَنٰتِ [2]	وَ	السَّيِّاٰتِ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ (168)
بھلائیوں (خوشحالیوں) سے	اور	برائیوں (بدحالیوں سے)	تاکہ وہ	وہ سب رجوع کر لیں

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[2] بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر اور کبھی بوجہ کیا جاتا ہے۔

[3] لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ عموماً پس، تو، پھر اور کبھی سو بھی کیا جاتا ہے۔

[4] لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔

[5] یہاں قِرَدَةً قِرْدٌ کی جمع ہے آخر میں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔

[6] علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

[7] كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[8] فعل کے شروع میں علامت لَ اور آخر میں نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

[9] مَنْ کا ترجمہ عموماً جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔

[10] هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں یا اُن کو کیا جاتا ہے۔

[11] اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[12] قَطَّعْنٰهُمْ ہم نے انہیں جدا جدا کر دیا تاکہ اُن کی اجتماعی قوت وجود میں نہ آسکے آج اگر یہودی فلسطین میں جمع ہونے کی کوشش کر رہے ہیں وہاں اپنی حکومت بنائے ہوئے ہیں تو قرآن کی بیان کردہ حقیقت کے خلاف نہیں ہے سورۃ آل عمران آیت 112 میں جو استثنا بیان ہوا ہے یہ اسکی وجہ سے ہے یعنی دوسری حکومتوں کی پشت پناہی کی وجہ سے ہے معلوم نہیں اسکا انجام کیا ہوگا۔

[13] یہاں وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ	(تو) ہم نے نجات دی اُن (لوگوں) کو جو
يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ	بُرائی سے روکتے تھے
وَ اَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	اور ہم نے پکڑ لیا اُن (لوگوں) کو جنھوں نے ظلم کیا
بِعَذَابٍۭ بَئِيْسٍۭ	بدترین عذاب کے ساتھ
بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿165﴾	اس وجہ سے جو وہ نافرمانی کیا کرتے تھے۔ ﴿165﴾
فَلَمَّا عَتَوْا	پھر جب اُنھوں نے سرکشی کی
عَنْ مَّا نُهُوْا عَنْهُ	اس (بات) سے جس سے روکے گئے تھے
قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا	(تو) ہم نے اُن سے کہا (کہ) تم ہو جاؤ
قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ﴿166﴾	ذلیل بندر۔ ﴿166﴾
وَ اِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ	اور جب تیرے رب نے اعلان کر دیا
لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ	وہ بلاشبہ ضرور اُن پر (ایسا شخص) بھیجتا رہے گا
اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	قیامت کے دن تک
مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ؕ	جو اُنھیں بُرا عذاب چکھاتا رہے
اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖۚ وَ	بیشک تیرا رب یقیناً بہت جلد سزا دینے والا ہے، اور
اِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿167﴾	بیشک وہ یقیناً بہت بخشنے والا نہایت رحم کرنیوالا ہے ﴿167﴾
وَقَطَّعْنٰهُمْ فِی الْاَرْضِ	اور ہم نے اُنھیں زمین میں جدا جدا کر دیا
اُمَمًا ۚ مِنْهُمُ الصّٰلِحُوْنَ	گروہوں (کی شکل) میں، اُن میں سے (کچھ) نیک تھے
وَمِنْهُمْ دُوْنَ ذٰلِكَ ؗ	اور اُن میں سے (کچھ) اس کے علاوہ (یعنی بدکار) تھے
وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّيِّاٰتِ	اور ہم نے اُنھیں آزمایا خوشحالیوں اور بدحالیوں (دونوں) سے
لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿168﴾	تا کہ وہ (ہماری طرف) رجوع کریں۔ ﴿168﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- اَنْجَيْنَا : نجات، نجات دہندہ۔
- يَنْهَوْنَ : نہی عن المنکر، اوامر ونواہی۔
- السُّوْٓءِ : علمائے سوء، اعمال سیّئہ۔
- وَ : شان وشوکت، رحم وکرم۔
- اَخَذْنَا : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
- ظَلَمُوْا : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
- بِعَذَابٍ : عذاب قبر، عذاب آخرت۔
- بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
- يَفْسُقُوْنَ : فسق وفجور، فاسق وفاجر۔
- نُهُوْا : نہی عن المنکر، اوامر ونواہی۔
- قُلْنَا : قول، اقوال، مقولہ۔
- تَاَذَّنَ : اذان دینا، مؤذن۔
- لَيَبْعَثَنَّ : بعث بعد الموت، مبعوث۔
- عَلَيْهِمْ : علی الاعلان، علی العموم۔
- اِلٰى : مرسل الیہ، رجوع الی اللہ۔
- يَوْمِ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
- الْقِيٰمَةِ : یوم قیامت، قائم، مقیم۔
- سُوْٓءَ : علمائے سوء، اعمال سیّئہ۔
- لَسَرِيْعُ : سریع الحرکت، سرعت۔
- الْعِقَابِ : عقبی جانب، عالم عقبیٰ۔
- لَغَفُوْرٌ : مغفرت، استغفر اللہ۔
- رَّحِيْمٌ : رحم، رحیم، رحمٰن۔
- قَطَّعْنٰهُمْ : قطع تعلق، قطع رحمی، قاطع۔
- فِی : فی سبیل اللہ، فی الحال۔
- الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعہ اراضی۔
- اُمَمًا : امت، امت محمدیہ۔
- الصّٰلِحُوْنَ : اصلاح، صالح، اعمال صالحہ۔
- بَلَوْنٰهُمْ : بلاء، ابتلاء وآزمائش، مبتلا۔
- بِالْحَسَنٰتِ : حسن، احسان، احسن الجزاء۔
- يَرْجِعُوْنَ : رجوع، رجعت پسندی۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

فَخَلَفَ [1]	مِنْۢ بَعْدِهِمْ [2]	خَلْفٌ [3]	وَّرِثُوا	الْكِتٰبَ [4]
پھر جانشین بنے	اُن کے بعد	کچھ ناخلف	(جو) سب وارث ہوئے	کتاب (تورات کے)

يَاْخُذُوْنَ	عَرَضَ	هٰذَا	الْاَدْنٰى	وَ	يَقُوْلُوْنَ
وہ سب لے لیتے ہیں	سامان	اس	حقیر (دنیا کا)	اور	وہ سب کہتے ہیں

سَيُغْفَرُ [5]	لَنَا ج [6]	وَاِنْ	يَّاْتِهِمْ [5]	عَرَضٌ [3]
عنقریب ضرور بخش دیا جائے گا	ہم کو	اور اگر	آجائے اُن کے پاس	کچھ سامان

مِّثْلُهٗ	يَاْخُذُوْهُ ط [7][8]	اَلَمْ	يُؤْخَذْ [5][9]	عَلَيْهِمْ	مِّيْثَاقُ
اُس جیسا	وہ سب لے لیتے اُسے (بھی)	کیا نہیں	لیا گیا	اُن پر	پختہ عہد

الْكِتٰبِ	اَنْ	لَّا يَقُوْلُوْا	عَلَى اللّٰهِ	اِلَّا الْحَقَّ
کتاب (کا)	یہ کہ	نہ وہ سب کہیں گے	اللہ پر	مگر حق بات

وَ	دَرَسُوْا	مَا	فِيْهِ ط	وَ	الدَّارُ الْاٰخِرَةُ [10]
اور	ان سب نے پڑھ لیا	جو (کچھ)	اس میں (ہے)	اور	اُخروی گھر

خَيْرٌ	لِّلَّذِيْنَ	يَتَّقُوْنَ ط	اَفَلَا [11]	تَعْقِلُوْنَ (169)
بہتر (ہے)	(اُن) کے لیے جو	وہ سب تقویٰ اختیار کرتے ہیں	تو کیا نہیں	تم سب عقل کرتے

وَالَّذِيْنَ	يُمَسِّكُوْنَ	بِالْكِتٰبِ [12]	وَاَقَامُوا
اور (وہ لوگ) جو	وہ سب مضبوطی سے پکڑتے ہیں	کتاب کو	اور اُن سب نے قائم کی ہے

الصَّلٰوةَ ط [10]	اِنَّا [13]	لَا نُضِيْعُ	اَجْرَ	الْمُصْلِحِيْنَ [14] (170)
نماز	بیشک ہم	نہیں ہم ضائع کرتے	اجر	سب اصلاح کرنے والوں (کا)

وَ	اِذْ	نَتَقْنَا	الْجَبَلَ	فَوْقَهُمْ	كَاَنَّهٗ
اور	جب	ہم نے اُٹھایا	پہاڑ (کو)	اُن کے اوپر	گویا کہ وہ

ظُلَّةٌ [3][10]	وَّ	ظَنُّوْٓا [15]	اَنَّهٗ	وَاقِعٌۢ	بِهِمْ ج [12]
ایک سائبان (تھا)	اور	ان سب نے یقین کرلیا	کہ بیشک وہ	گرنے والا (ہے)	اُن پر

خُذُوْا	مَآ	اٰتَيْنٰكُمْ	بِقُوَّةٍ [10][12]	وَّاذْكُرُوْا
(ہم نے کہا) تم سب پکڑ لو	جو	ہم نے تمہیں دیا	مضبوطی سے	اور تم سب یاد رکھو

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ عموماً پس، تو، پھر اور کبھی سو اور چنانچہ بھی کیا جاتا ہے۔
2. لفظ بَعْدِ سے پہلے اگر مِنْ ہو تو مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔
3. ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے ترجمہ کچھ یا ایک کیا گیا ہے۔
4. فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔
5. یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
6. کیونکہ ہم اللہ کے پیارے اور انبیاء کی اولاد ہیں اس لیے اللہ ہمیں معاف کردے گا۔
7. یعنی بجائے اسکے کہ گناہ کرنے کے بعد شرمندہ ہوتے اور توبہ کرتے بلکہ گناہوں پر جرأت اور بیباکی بڑھتی جاتی ہے چنانچہ ایک مرتبہ رشوت لینے کے بعد دوبارہ موقع ملتا تو اسے بلا جھجک قبول کرلیتے۔
8. علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔
9. علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانہ میں کیا جاتا ہے۔
10. ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
11. جب أ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔
12. بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر اور کبھی بوجہ کیا جاتا ہے۔
13. اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔
14. اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔
15. ظَنَّ وغیرہ کے بعد اگر اَنَّ ہو پھر ظَنَّ کا ترجمہ گمان کی بجائے یقین کیا جاتا ہے۔

فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ	پھر اُن کے بعد کچھ ناخلف جانشین بنے
وَّرِثُوا الْكِتٰبَ	(جو) کتاب (تورات) کے وارث ہوئے
يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى	وہ اس حقیر (دنیا) کا سامان (بطور رشوت) لے لیتے ہیں
وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ	اور کہتے ہیں عنقریب ضرور ہمیں بخش دیا جائے گا
وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ	اور اگر اُنکے پاس کچھ (اور) سامان اُس جیسا آ جائے
يَاْخُذُوْهُ ؕ	وہ اُسے (بھی) لے لیتے ہیں
اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ	کیا اُن پر نہیں لیا گیا
مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ	کتاب کا پختہ عہد
اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ	یہ کہ وہ اللّٰہ پر حق کے سوا کچھ نہ کہیں گے
وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ؕ	اور جو کچھ اس (کتاب) میں ہے اُنہوں نے (اسے) پڑھ (بھی) لیا
وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ	اور آخرت کا گھر بہتر ہے اُن کے لیے جو
يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿169﴾	تقویٰ اختیار کرتے ہیں تو کیا تم عقل نہیں کرتے ﴿169﴾
وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ	اور وہ (لوگ) جو کتاب کو مضبوطی سے پکڑتے ہیں
وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّا	اور اُنہوں نے نماز قائم کی، بے شک ہم
لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿170﴾	اصلاح کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔ ﴿170﴾
وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ	اور جب ہم نے اُن کے اوپر پہاڑ کو اُٹھایا
كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْۤا	گویا کہ وہ ایک سائبان تھا اور اُنہوں نے یقین کر لیا
اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ	کہ بے شک وہ اُن پر گرنے والا ہے
خُذُوْا مَاۤ اٰتَيْنٰكُمْ	(ہم نے کہا) جو کچھ ہم نے تمہیں دیا ہے (اُسے) پکڑ لو
بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا	مضبوطی سے، اور یاد رکھو (یعنی عمل کرو)

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

فَخَلَفَ	خلیفہ، خلافت، ناخلف۔
مِنْ	منجانب، من حیث القوم۔
بَعْدِهِمْ	بعد از طعام، بعد از کلام۔
وَرِثُوا	وارث، وراثت، ورثا۔
يَاْخُذُوْنَ	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
هٰذَا	حامل رقعہ ہذا، الہذا۔
الْاَدْنٰى	ادنیٰ، ادنیٰ و اعلیٰ۔
يَقُوْلُوْنَ	قول، اقوال، اقوال زریں۔
سَيُغْفَرُ	مغفرت، استغفر اللّٰہ۔
مِثْلُهٗ	مثل، مثال، تمثیل، امثلہ۔
عَلَيْهِمْ	علی الاعلان، علی العموم۔
مِّيْثَاقُ	میثاق، میثاق مدینہ، وثوق۔
اِلَّا	الاماشاءاللّٰہ، الا قلیل۔
دَرَسُوْا	درس و تدریس، مدرسہ۔
الدَّارُ	دار ارقم، دار فانی، دیار غیر۔
يَتَّقُوْنَ	تقویٰ، متقی۔
تَعْقِلُوْنَ	عقل، عاقل، معقول۔
يُمَسِّكُوْنَ	تمسک۔
اَقَامُوا	اقامت، مقیم، اقامت گاہ۔
لَا	لاتعداد، لاجواب، لاعلم۔
نُضِيْعُ	ضائع، ضیاع۔
الْمُصْلِحِيْنَ	اصلاح، اعمال صالحہ۔
الْجَبَلَ	جبل اُحد، جبل رحمت۔
فَوْقَهُمْ	فوق، فوقیت۔
ظُلَّةٌ	ظل سبحانی، ظل ہما۔
ظَنُّوْۤا	بدظن، حسن ظن۔
وَاقِعٌ	وقوع پذیر، وقائع نگار۔
خُذُوْا	اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
بِقُوَّةٍ	قوت، قوی، قوی الجثہ۔
اذْكُرُوْا	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔

ع 21 9 11

مَا	فِيْهِ	لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ ﴿171﴾ ع	وَ	اِذْ
جو	اس میں (ہے)	تاکہ تم	تم سب بچ جاؤ	اور	جب

اَخَذَ	رَبُّكَ	مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ	مِنْ ظُهُوْرِهِمْ	ذُرِّيَّتَهُمْ
لیا (نکالا)	تیرے رب (نے)	آدم کے بیٹوں سے	اُن کی پشتوں سے	اُن کی اولاد (کو)

وَ	اَشْهَدَهُمْ	عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ ج [1]	اَ	لَسْتُ
اور	گواہ بنایا اُنہیں	اُن کی جانوں پر	کیا	میں نہیں ہوں

بِرَبِّكُمْ ط [2]	قَالُوْا	بَلٰى ج	شَهِدْنَا ج [3]	اَنْ
(واقعی) تمہارا رب	(تو) ان سب نے کہا	ہاں! کیوں نہیں	ہم نے گواہی دی	(ایسا نہ ہو) کہ

تَقُوْلُوْا	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اِنَّا [4]	كُنَّا	عَنْ هٰذَا
تم سب کہو	قیامت کے دن	بے شک ہم	ہم تھے	اس (بات) سے

غٰفِلِيْنَ ﴿172﴾ لا	اَوْ	تَقُوْلُوْٓا	اِنَّمَآ [5]	اَشْرَكَ
سب غافل	یا	تم سب (یہ) کہو	بے شک صرف	شرک کیا (تھا)

اٰبَآؤُنَا	مِنْ قَبْلُ	وَ	كُنَّا	ذُرِّيَّةً [6]
ہمارے آباؤ اجداد (نے)	(اس) سے پہلے	اور	تھے ہم	(اُن کی) اولاد

مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ج [7]	اَفَتُهْلِكُنَا [8] [9]	بِمَا [10]	فَعَلَ
اُن کے بعد	تو کیا تو ہلاک کرتا ہے ہمیں	(اس) وجہ سے جو	کیا ہے

الْمُبْطِلُوْنَ ﴿173﴾	وَ	كَذٰلِكَ [11]	نُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ [6]
سب گمراہوں (نے)	اور	اسی طرح	ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں	آیات (کو)

وَ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ ﴿174﴾	وَ	اتْلُ	عَلَيْهِمْ
اور	تاکہ وہ	وہ سب رجوع کریں	اور	آپ پڑھیے	اُن پر

نَبَاَ	الَّذِيْٓ [12]	اٰتَيْنٰهُ [3]	اٰيٰتِنَا [6]	فَانْسَلَخَ [9]
خبر	(اس کی) جو (کہ)	ہم نے دیں اُسے	اپنی آیتیں	تو وہ نکل گیا

مِنْهَا	فَاَتْبَعَهُ [9]	الشَّيْطٰنُ	فَكَانَ [9]	مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿175﴾
اُن سے	پھر پیچھے لگایا اُسے	شیطان (نے)	تو وہ ہو گیا	گمراہوں میں سے

معانقة 7

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] اللہ تعالیٰ نے سیدنا آدم علیہ السلام کو پیدا کرنے کے بعد انکی پشت سے ہونے والی تمام اولاد کو نکالا اور انہیں عقل اور قوت گویائی عطا فرمائی اور اُن سے پوچھا کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں تو سب نے کہا: ہاں کیوں نہیں ہم سب تیرے رب ہونے کی گواہی دیتے ہیں یہ بات کئی صحیح احادیث اور آثار صحابہ سے ثابت ہے لہٰذا اسے تمثیلی واقعہ کہنا درست نہیں۔

[2] بِ سے پہلے اگر نفی والا لفظ گزرا ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی البتہ اس سے بات میں زور پیدا ہو جاتا ہے۔

[3] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[4] اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔

[5] اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے۔

[6] ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[7] اگر لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ ہو تو عموماً اس مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

[8] جب اَ کے بعد وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

[9] لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ عموماً پس، تو، پھر اور کبھی سو بھی کیا جاتا ہے۔

[10] بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔

[11] كَ اسم کے شروع میں تشبیہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

[12] بظاہر لگ رہا ہے کہ یہ آیت کسی خاص شخص سے متعلق ہے لیکن کسی بھی حدیث میں اس شخص کا تعین نہیں کیا گیا۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

ع 21 9 11

مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿171﴾	جو کچھ اس میں ہے، تاکہ تم بچ جاؤ۔ ﴿171﴾
وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ	اور جب آپ کے رب نے بنی آدم سے لیا (یعنی نکالا)
مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ	اُن کی پشتوں میں سے اُن کی اولاد کو
وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ ۚ	اور اُن کو (خود) اُن کی جانوں پر گواہ بنایا (اور پوچھا)
اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۭ	کیا میں واقعی تمہارا رب نہیں ہوں
قَالُوْا بَلٰي ۛ شَهِدْنَا ۛ (معانقة 7)	اُنہوں نے کہا: ہاں، کیوں نہیں ہم نے گواہی دی
اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	(یہ اقرار اس لیے کرایا کہ ایسا نہ ہو) کہ تم قیامت کے دن کہو
اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿172﴾	بیشک ہم اس (بات) سے بے خبر تھے۔ ﴿172﴾
اَوْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اَشْرَكَ	یا تم (یہ) کہو کہ بیشک شرک تو صرف کیا
اٰبَاۗؤُنَا مِنْ قَبْلُ	ہمارے آباؤ اجداد نے اس سے قبل (یعنی وہی مجرم تھے)
وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ	اور ہم تو اُن کے بعد (اُن کی) اولاد تھے
اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا	تو کیا تو ہمیں اس (اس فعل) کی وجہ سے ہلاک کرتا ہے جو
فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿173﴾	گمراہوں نے کیا۔ ﴿173﴾
وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ	اور اسی طرح ہم آیات کو تفصیل سے بیان کرتے ہیں
وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿174﴾	اور تاکہ وہ (حق کی طرف) رجوع کریں۔ ﴿174﴾
وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ	اور آپ اُن پر (اُس شخص کی) خبر پڑھیے
الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا	جسے ہم نے اپنی آیتیں دیں
فَانْسَلَخَ مِنْهَا	تو وہ اُن سے نکل گیا
فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ	پھر شیطان نے اُسے (اپنے) پیچھے لگایا
فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿175﴾	تو وہ گمراہوں میں سے ہو گیا۔ ﴿175﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

مَا: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
فِيْهِ: فی الحقیقت، فی الفور۔
تَتَّقُوْنَ: تقویٰ، متقی۔
وَ: شان وشوکت، رحم وکرم۔
اَخَذَ: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
مِنْ: منجانب، من حیث القوم۔
بَنِيْٓ: ابنائے جامعہ، ابن عمر۔
ذُرِّيَّتَهُمْ: ذریت آدم، ذریت ابلیس۔
اَشْهَدَهُمْ: شاہد، شہید، شہادت۔
عَلٰٓي: علی الاعلان، علی العموم۔
اَنْفُسِهِمْ: نفس، نفسا نفسی، تنفس۔
قَالُوْا: قول، مقولہ، اقوال زریں۔
يَوْمَ: یوم، یوم آخرت، ایام۔
الْقِيٰمَةِ: قیامت، قیامت خیز۔
هٰذَا: لہٰذا، مسجد ہٰذا، علی ہٰذا القیاس۔
غٰفِلِيْنَ: غافل، غفلت، تغافل۔
اَشْرَكَ: شرک، شریک، مشرک۔
اٰبَاۗؤُنَا: آباؤ اجداد، آبائی علاقہ۔
قَبْلُ: قبل از وقت، قبل از طعام۔
ذُرِّيَّةً: ذریت آدم، ذریت ابلیس۔
اَفَتُهْلِكُنَا: ہلاک، مہلک بیماریاں۔
فَعَلَ: فعل، فاعل، مفعول، افعال
الْمُبْطِلُوْنَ: حق وباطل، ادیان باطلہ۔
كَذٰلِكَ: کماحقہ، کالعدم۔
نُفَصِّلُ: تفصیل، مفصل۔
يَرْجِعُوْنَ: رجوع، رجعت پسندی۔
اُتْلُ: تلاوت قرآن، وحی متلو۔
عَلَيْهِمْ: علی الاعلان، اعلانیہ طور پر۔
نَبَاَ: نبی، نبوت، انبیاء۔
فَاَتْبَعَهُ: اتباع، تابع، متبع سنت۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

وَلَوۡ	شِئۡنَا [1]	لَرَفَعۡنٰهُ [2]	بِهَا [3]	وَ
اور اگر	ہم چاہتے	ضرور ہم بلند کرتے اُسے	اُن کے ذریعے	اور

لٰكِنَّهٗۤ	اَخۡلَدَ	اِلَى الۡاَرۡضِ	وَ	اتَّبَعَ
لیکن وہ	وہ جھک گیا	زمین کی طرف	اور	اس نے پیروی کی

هَوٰٮهُ ۚ [2]	فَمَثَلُهٗ [2]	كَمَثَلِ الۡـكَلۡبِ ۚ	اِنۡ	تَحۡمِلۡ
اپنی خواہش کی	تو اس کی مثال	کتے کی مثال کی طرح (ہے)	اگر	تو حملہ کرے

عَلَيۡهِ	يَلۡهَثۡ	اَوۡ	تَتۡرُكۡهُ [2]	يَلۡهَثْ ؕ
اُس پر	(تو) وہ زبان نکال کر ہانپتا ہے	یا	تو چھوڑ دے اُسے	وہ زبان نکال کر ہانپتا ہے

ذٰلِكَ [4]	مَثَلُ	الۡقَوۡمِ	الَّذِيۡنَ	كَذَّبُوۡا
یہ	مثال (ہے)	(اس) قوم کی	جن	سب نے جھٹلایا

بِاٰيٰتِنَا ۚ [5][3]	فَاقۡصُصِ	الۡقَصَصَ	لَعَلَّهُمۡ	يَتَفَكَّرُوۡنَ (176)
ہماری آیات کو	تو آپ سنا دیں	(یہ) بیان	تاکہ وہ	وہ سب غور و فکر کریں

سَآءَ	مَثَلَاْ	الۡقَوۡمُ	الَّذِيۡنَ	كَذَّبُوۡا
بری ہے	مثال	(اس) قوم کی	جن	سب نے جھٹلایا

بِاٰيٰتِنَا [5][3]	وَ	اَنۡفُسَهُمۡ	كَانُوۡا	يَظۡلِمُوۡنَ (177)	مَنۡ
ہماری آیات کو	اور	اپنی جانوں پر	تھے وہ سب	وہ سب ظلم کرتے	جسے

يَّهۡدِ اللّٰهُ [7][6]	فَهُوَ الۡمُهۡتَدِىۡ ۚ [8]	وَ	مَنۡ	يُّضۡلِلۡ
ہدایت دے اللہ	تو وہی ہدایت پانے والا (ہے)	اور	جسے	وہ گمراہ کر دے

فَاُولٰۤٮِٕكَ	هُمُ الۡخٰسِرُوۡنَ [8] (178)	وَلَقَدۡ [9]	ذَرَاۡنَا [10]	لِجَهَنَّمَ
تو وہ (لوگ)	ہی سب خسارہ پانے والے (ہیں)	اور بلاشبہ یقیناً	ہم نے پیدا کیے	جہنم کے لیے

كَثِيۡرًا	مِّنَ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ ۖ	لَهُمۡ [11]	قُلُوۡبٌ	لَّا يَفۡقَهُوۡنَ [12]
بہت (سے)	جنوں اور انسانوں میں سے	اُن کے	دل (ہیں لیکن)	نہیں وہ سب سمجھتے

بِهَا ۡ [3]	وَلَهُمۡ [11]	اَعۡيُنٌ	لَّا يُبۡصِرُوۡنَ [12]	بِهَا ۡ [3]
ان سے	اور اُن کی	آنکھیں (ہیں لیکن)	نہیں وہ سب دیکھتے	اُن سے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] شِئۡنَا یہ فعل ماضی ہے شرطیہ جملے کا ترجمہ اسی طرح کیا جاتا ہے۔

[2] علامت ہٗ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُسے کیا جاتا ہے اور اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اس کا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے اور اگر ہٗ سے پہلے ساکن حرف ہو تو یہ ہُ ہو جاتا ہے۔

[3] بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ کیا جاتا ہے۔

[4] ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔

[5] ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[6] یہاں یِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[7] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[8] هُوَ یا هُمۡ کے بعد اَلۡ ہو تو اُن میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی یا وہی کیا جاتا ہے۔

[9] لَ اور قَدۡ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

[10] نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔

[11] لَهُمۡ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہوا ہے اس کا ترجمہ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔

